# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

Tuesday, the January 20, 2026

(357th Session)

Volume I, No.03

(Nos. 01-04)

*Printed and Published by the Senate Secretariat,Islamabad*

Volume I SP. I (03)/2026

No.03 04

Contents


1. Recitation from the Holy Quran ...... 1
2. Ruling of the Chair relating to the declaration of the Leader of the Opposition in the Senate...... 2
    - Senator Azam Nazeer Tarar (Federal Minister of Law and Justice)...... 4
3. Motion under Rule 263 moved by Senator Azam Nazeer Tarar regarding dispensation of Rules ...... 4
4. Leave of Absence...... 5
5. Laying of the Nursing and Midwifery Council Ordinance, 2025 (Ordinance No. IX of 2025) ...... 6
6. Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules ...... 6
7. Consideration and Passage of [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026] ...... 7
8. Consideration and Passage of [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026] ...... 8
9. Response by Senator Azam Nazeer Tarar, Minister of Law to the Point of Public Importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding admission quota for students belonging to Balochistan in various universities of Punjab 10
10. Point of Public Importance raised by Senator Syed Ali Zafar regarding illegal cutting of trees in Islamabad ...... 12
    - Response by Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs ...... 13
11. Points of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding: (i) non-payment of compensation to the residents of Dobair, District Kohistan; and (ii) non-provision of shelter to the IDPs of District Khyber ...... 16
12. Maiden Speech of Senator Raja Nasir Abbas after being declared as Leader of the Opposition...... 18
    - Senator Rana Sana Ullah Khan, Advisor on the Political Affairs ...... 31
    - Senator Mohammad Azam Khan Swati ...... 38
    - Senator Amir Waliuddin Chishti ...... 40
    - Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs...... 41
    - Senator Raja Nasir Abbas...... 42
    - Senator Mohsin Aziz ...... 43
    - Senator Nasir Mehmood ...... 45
    - Senator Kamran Murtaza...... 47
    - Senator Syed Waqar Mehdi...... 49
    - Senator Abdul Wasay...... 51

# SENATE OF PAKISTAN
# SENATE DEBATES

Tuesday, the January 20, 2026

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty six minutes past twelve in the noon with Mr. Chairman (Syed Yousaf Raza Gilani) in the Chair.

----------------

## Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

وَ مَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَآءِ وَ
الْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَ اجْعَلْ لَّنَا
مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّ اجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۚ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ
الشَّيْطٰنِ كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾

ترجمہ: اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا۔ اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حامی بنا اور اپنی ہی طرف سے کسی کو ہمارا مددگار مقرر فرما۔ جو مومن ہیں وہ تو اللہ تعالیٰ کے لیے لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ بتوں کے لیے لڑتے ہیں سو تم شیطان کے مددگاروں سے لڑو (اور ڈرو مت) کیونکہ شیطان کا داؤ بودا ہوتا ہے۔

سورۃ النساء (آیات ۷۵ تا ۷۶)

Mr. Chairman: I have to make one announcement; the House welcomes the students and faculty members of the Muslim Group of Schools and Colleges Multan, who are seated in the visitor's gallery.

**Ruling of the Chair relating to the declaration of the Leader of the Opposition in the Senate**

Mr. Chairman: I want to give a ruling before proceeding further; I considered it necessary to place on record the legal and procedural background relating to the declaration of the Leader of the Opposition in the Senate.

1. Rule 16 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012, mandates that the Chairman Senate shall declare as Leader of the Opposition the Member who commands the support of the majority of the Members in opposition.
2. Following the disqualification of former Senator Syed Shibli Faraz by the Election Commission of Pakistan vide Notification dated 05$^{th}$ August, 2025, and the consequential Notification of the Senate Secretariat dated 08$^{th}$ August, 2025, the office of the Leader of the Opposition stood vacated. The said Notifications were challenged before the Honourable Peshawar High Court, which issued restraining orders prohibiting further action in the matter.
3. In view of the pendency of judicial proceedings, the matter remained under consideration of the Senate Secretariat for

legal examination and procedural guidance, in accordance with established parliamentary practice and constitutional discipline, so as to ensure that no step was taken which might conflict with, or render infructuous, the proceedings before the Honorable Court.

4. I am now informed that no restraint order or legal impediment subsists in the matter. The earlier deferment was, therefore, purely procedural, occasioned by institutional prudence, due deference to judicial authority, and strict adherence to the rule of law.
5. There being no legal bar, I now proceed in accordance with the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 2012 and hereby declare Senator Raja Nasir Abbas as the Leader of the Opposition in the Senate, having secured the support of twenty-two (22) Members out of thirty-two (32) Members on the opposition benches.
6. The Secretariat is directed to issue the formal Notification accordingly.

**جناب چیئرمین:** آپ یہ ان کو پہلے دے دیں۔

**(مداخلت)**

Mr. Chairman: Please order in the House. I will request the Parliamentary leaders present in the House to assist the Leader of the Opposition on his seat.

(اس موقع پر ایوان میں نماز ظہر کی اذان سنائی دی)

Mr. Chairman: Minister for Law. Please order in the House.

**Senator Azam Nazeer Tarar (Federal Minister of Law and Justice)**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ (وفاقی وزیر برائے قانون اور انصاف) : جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں راجہ ناصر عباس صاحب کو Leader of the Opposition منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ جناب چیئرمین! آپ نے آج اس حوالے سے ایک اچھی شروعات کی ہے کہ آپ نے Parliamentary اور ان کے government coalition partners leaders کو اور حکومتی وزرا کو بھی کہا کہ ہم خود جا کر ناصر صاحب کو ان کی seat پر بٹھائیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ جمہوریت کا حسن بھی یہی ہے کہ اختلاف رائے اپنی جگہ پر لیکن ماحول خوش گوار رہنا چاہیے۔ اس پر آج بات بھی بالکل ہو گی۔اس پر آج بات بھی بالکل ہو گی۔ اس کے بعد میں صرف یہ استدعا کروں گا کہ sir we are already late by more than one hour تو اگر Question Hour آج کی حد تک dispense with کر دیا جائے۔ تھوڑا سا Legislative business ہے اور اس کے بعد آج ماحول مجھے اچھا لگ رہا ہے تھوڑی باتیں شاتیں ہو جائیں دونوں اطراف سے۔

جناب چیئرمین: وہ نماز سے بھی آ جاتے ہیں۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جی، وہ آ جائیں گے۔ May I move sir.

Mr. Chairman: Yes please, move.

## Motion under Rule 263 moved by Senator Azam Nazeer Tarar regarding dispensation of Rules

Senator Azam Nazeer Tarar: It is moved under Rule 263 of Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012 that the requirement of Rule 41 of the said rules regarding Question Hour be dispensed with for today's sitting of the Senate and the questions and their printed replies be treated as laid on the table, sir.

Mr. Chairman: I, now put the motion as moved to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Question Hour of today's sitting is suspended. The questions and their printed replies are treated as laid on the table.

**<u>Leave of Absence</u>**

Mr. Chairman: Senator Khalida Ateeb has requested for the grant of leave for $16^{th}$ January 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Poonjo Bheel has requested for the grant of leave for $16^{th}$ January 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Saleem Mandviwalla has requested for the grant of leave for $16^{th}$ and $20^{th}$ to $26^{th}$ January during the recent session due to a visit abroad. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Farooq Hamid Naek has requested for the grant of leave for $19^{th}$ to $20^{th}$ January 2026 during the current session due to personal engagements. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Senator Mohammad Ishaq Dar has requested for the grant of leave for $16^{th}$ January 2026 during the current session due to official engagement. Is leave granted?

*(Leave was granted)*

Mr. Chairman: Yes, please, Law Minister.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! یہ تھوڑا سا قانون سازی کا کام ہے، اس کے بعد کامران مرتضٰی صاحب نے پنجاب میں بلوچ طلبہ کے بارے میںpoint raiseکیا تھا۔ وہ بھی میں اس کے بعدstatementدے دیتا ہوں۔

Mr. Chairman: Order No. 3.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! اس کے بارے میں defer کرنے کی درخواست ہے۔اس میں کچھ ایک دو چیزیں بیٹھ کر دیکھنے والی تھیں۔

Mr. Chairman: O.K. Order No. 4.

**Laying of the Nursing and Midwifery Council Ordinance, 2025 (Ordinance No. IX of 2025)**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I, on behalf of the Minister for National Health Services Regulations and Coordination, lay before the Senate of Pakistan the Nursing and Midwifery Council Ordinance, 2025 (Ordinance No. IX of 2025), as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Mr. Chairman: The Ordinance stands laid. It is for the information of the House that this Ordinance has already been laid in the National Assembly on 16th January 2026. Now it has been laid in the Senate for information. Order No. 5.

**Motion under Rule 263 moved for dispensation of Rules**

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, please, on behalf of the Minister for Commerce, I move under Rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, that the requirements of Rule 120 of the said rules regarding the notice period be dispensed with in order to take into consideration at once the Bills at Order Nos. 6 to 9 as passed by the National Assembly.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Order No. 6, Minister in charge.

**<u>Consideration and Passage of [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026]</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں صرف یہ بتا دوں کہ دو دو، تین تین ترامیم تھیں ہماری financial close ہے، deadline میں پھنسے ہوئے تھے، پورا thoroughly examine کرکے قومی اسمبلی کے تمام لوگوں نے اسے پاس کیا۔

Sir, on behalf of the Minister for Commerce, I move that the bill further to amend the Export Development Fund Act 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed?

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! میں یہ عرض کر رہا ہوں۔ میں نے Rules suspension مانگی تھی۔ یہ دو ترامیم ہیں۔ میں نے اپوزیشن جماعتوں سے request بھی کی۔ جناب چیئرمین! ہماری financial close date نکل جائے گی۔

Mr. Chairman: Now, I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Now we take up second reading of the Bill. There is no amendment in Clause 2 to 8, so I will put these clauses before the House as one question. The questions is that Clauses 2 to 8 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 8 stand part of the Bill. We may now take up Clause 1, the Preamble, and the

Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do stand part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stands as part of the Bill. Order No. 7.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, on behalf of the Minister of Commerce, I move that the Bill further to amend the Export Development Fund Act 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2026], be passed.

Mr. Chairman: Now, I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is adopted and the Bill stands passed unanimously. Order No. 8.

## Consideration and Passage of [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026]

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, on behalf of the Minister of Commerce, I wish to move that the bill to amend the National Tariff Commission Act 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026], as passed by the National Assembly, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Should it be referred to the Committee?

Senator Azam Nazeer Tarar: No, sir, there is only one amendment. The number was changed from 5 to 7 to meet requirements.

Mr. Chairman: Now, I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried. Now we take up second reading of the Bill. There is no amendment in

Clauses 2 to 4, so I put those clauses before the House as one question. The question is that clauses 2 to 4 do form part of the Bill?

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clauses 2 to 4 stand as part of the Bill. We may now take up Clause 1, the Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1, the Preamble and the Title, do stand part of the Bill.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: Clause 1, the Preamble and the Title, stands as part of the Bill. Order No. 9.

Senator Azam Nazeer Tarar: Sir, I wish to move on behalf of the Minister of Commerce that the bill to amend the National Tariff Commission Act 2015 [The National Tariff Commission (Amendment) Bill, 2026, be passed.

Mr. Chairman: Now, I put the motion to the House.

*(The motion was carried)*

Mr. Chairman: The motion is carried and the Bill stands passed unanimously. Order No. 10. Now, Law Minister?

سینیٹر سید علی ظفر: علامہ صاحب نماز پڑھنے کے لیے گئے ہیں۔

Mr. Chairman: Has he come back from prayer?

سینیٹر سید علی ظفر: اچھا، لیکن میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہم ان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔آپ کو اور پورے ایوان کو مبارک باد دیتے ہیں کہ آج ہمارا ایوان مکمل ہو گیا ہے۔ کیونکہ یہ ایوان ایک pyramid کی طرح ہوتا ہے۔سب سے اوپر ظاہر ہے چیئرمین ہے، پھر لیڈر آف دی ہاؤس اور لیڈر آف دی ہاؤس کے ساتھ ہی لیڈر آف دی اپوزیشن، because the opposition is not really "opposition"; it is like the Government-in-waiting. تواب جب یہ مکمل ہوا ہے، تو میرا خیال ہے کہ آپ نے اپنی رولنگ میں تاخیر کی جو وجہ

بیان کی تھی وہ واضح تھی۔ میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے جو وعدہ کیا تھا، آپ نے کہا تھا کہ جیسے ہی قومی اسمبلی کا مسئلہ اور cases solve ہو جائیں گے تو میں فوری اعلان کر دوں گا۔ میں شکر گزار ہوں کہ آج آپ نے اعلان کر دیا۔ I must also acknowledge that we received support from the Government Benches in this, which is a good gesture اور پارلیمانی رویہ ایسا ہی ہونا چاہیے۔ ہم اپنے ایوان کی روایات کو برقرار رکھیں۔ اس حوالے سے آپ custodian of the house ہیں۔ I am grateful again for this very quick decision following yesterday's meeting. کل ہم نے آپ کو خط لکھا، آپ نے ہمیں بلایا، فیصلہ سنایا اور آج ruling بھی دے دی۔ I think this is the way ہم چاہتے ہیں کہ proceedings آگے بھی چلیں۔ بہت سے مسائل ہیں جو ہم نے اس پارلیمنٹ کے فلور پر حل کرنے ہیں۔ امید ہے نئے لیڈر آف دی اپوزیشن ہمیں راستہ دکھائیں گے کہ کس طرح آگے چلنا ہے۔ Thank you very much, Sir.

Mr. Chairman: Yes, Minister for Law.

**<u>Response by Senator Azam Nazeer Tarar, Minister of Law to the Point of Public Importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding admission quota for students belonging to Balochistan in various universities of Punjab</u>**

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! جیسا کہ میں نے پہلے بھی عرض کیا۔ ہم سراہتے ہیں کہ یہ سب بہت خوش اسلوبی سے ہو گیا اور آپ نے اس میں دلچسپی لی۔ Rules میں ایک mechanism provide کیا گیا ظاہر ہے کہ اس کو دیکھنا بھی تھا۔ وہ یہی ہوتا ہے کہ اپوزیشن کے ممبران کے individual declarations جاتے ہیں۔ تو یہاں پر چونکہ دو تین مختلف جماعتوں کی نمائندگی تھی تو it takes some time لیکن ہو گیا۔ اس میں لیڈر آف دی ہاؤس، سینیٹر اسحاق ڈار صاحب آج ڈیووس میں ہیں، وہاں پر ایک event ہو رہا ہے، اس میں شرکت کے لیے روانہ ہو گئے ہیں۔ کل شام پارلیمانی لیڈر علی ظفر صاحب کی موجودگی میں اور آپ کی موجودگی میں جو

پرائم منسٹر آفس کے حوالے سے کچھ house keeping تھی، وہ سب بھی ہوا۔ الحمدللہ، آج یہ ہو گیا ہے۔ علامہ میرے خیال میں نماز کے لیے گئے تھے، آتے ہیں تو ہم آج ان کو بھی سنتے ہیں۔

جناب! اسی اثناء میں سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب نے بلوچ طلباء کے پنجاب میں داخلوں کے بارے میں سوال اٹھایا تھا اور میں نے request کی تھی سینیٹر پرویز رشید صاحب سے اور محترمہ انوشہ رحمان صاحبہ سے کہ وہ اس معاملے پر ہاؤس کو brief کر دیں۔ مجھے پرویز رشید صاحب نے جو brief بھیجا ہے، اس کی روشنی میں، میں جواب دے دیتا ہوں۔ اس میں کوئی پابندی نہیں ہے۔ ان کا کوٹا بحال ہے۔ اس وقت ٹوٹل 3,850 بلوچ طلبا پنجاب کی مختلف جامعات میں زیر تعلیم ہیں۔ ان میں سے زیادہ طلبا پنجاب یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی اور اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں ہیں۔ اس کے ساتھ کچھ یونیورسٹیاں ایسی بھی ہیں جہاں بلوچ طلبا زیر تعلیم نہیں ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کوٹے کے against apply نہیں کیا گیا۔ ٹوٹل 3,850 میں سے 431 خواتین ہیں۔ ان میں سے 58 فیصد میرٹ پر ہیں جبکہ 42 فیصد کوٹا کو exhaust کر کے آئے ہوئے ہیں۔ ان کے لیے uniform policy ہے۔ کوٹا پر بھی جو top merit پر آتا ہے، ان کو داخلہ دے دیا جاتا ہے۔

جہاں پر آپ نے سوال اٹھایا تھا کہ میڈیکل کالج کے داخلے جو تھے universities میں، وہ seats ہیں، اس میں وہ کہتے ہیں کہ ہر یونیورسٹی اپنے syndicate کے فیصلوں کے مطابق regulate کرتی ہے۔ حکومت کا ایک general directive ہے کہ آپ بلوچ طلبا کو ان کے کوٹا کے حوالے سے کوشش کریں کہ ہر یونیورسٹی اپنی scheme of things and policy کے تحت ان کا کوٹا رکھیں۔ لہٰذا، یہ university to university بھی vary کرتا ہے۔ میں نے آپ کو public sector universities کا نمبر دیا ہے، کسی قسم کی کوئی رکاوٹ یا پابندی نہیں ہے۔ اس کے باوجود اگر آپ کو مزید کسی حوالے سے assistance کی ضرورت ہو تو محترمہ انوشہ رحمان صاحبہ نے volunteer کیا ہے، وہ حکومت پنجاب کی senior advisor ہیں۔ وہ معاملہ حکومت پنجاب سے take up کریں گی۔ ہمارے لیے سب صوبے برابر ہیں، ہم چاروں بھائی ہیں۔ پرائم منسٹر صاحب اکثر کہتے ہیں کہ چاروں بھائی مل کر کھاتے ہیں، ایک روٹی ہے اگر اس کے چار ٹکڑے ہو جائیں تو چاروں کھا لیں گے اور اگر چار روٹیاں ہوئیں تو ایک ایک

کرلیں گے۔ Despite limited resources, Government of Punjab is offering admission on the special quota who are Baloch students, male and female. کامران صاحب! آپ کو further جو بھی ضرورت ہو، آپ ضرور ان سے بولیے گا۔ میڈیکل کالجز کے حوالے سے جو آپ نے specifically کہا تھا، اس پر کوئی پابندی یا ban نہیں ہے۔ ایک yardstick ہے کہ اتنے number, minimum ہونے چاہییں کیونکہ وہ ایک professional اور sensitive سی ڈگری ہے تو ان numbers کے حوالے سے آپ compete کرتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: کامران صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: ایسا ہے کہ شاید میں اپنی بات نہیں سمجھا پایا۔ میری کمی اور میری خامی ہے۔ معاملہ یہ تھا کہ ہمارے بلوچستان کے medical students کے لیے بیس seats reserved ہیں۔ یہ بولان میڈیکل کالج کے ذریعے جو کہ اب یونیورسٹی ہے، fill ہوتی ہیں اور ان بچوں کو اگلے سال میں accommodate کرتے ہیں۔ اب ان کو accommodate کرنے کی بجائے پنجاب کے بچوں کو، وہ بھی ہمارے بچے ہیں، اپنے بچے ہیں، ان بچوں کو accommodate کر رہے ہیں۔ دو فروری سے یہ classes شروع ہو رہی ہیں جبکہ بلوچستان کے بچوں کی بیس seats بلوچستان کی حد تک ضائع ہو رہی ہیں اور ان کی accommodation کہیں اور جا رہی ہے۔ اس مسئلے کی طرف توجہ کی ضرورت ہے۔ اس حوالے سے بچے بہت conscious ہیں، اس کو ذرا دیکھ لیں۔ یہ statement آ گئی کہ اسے انوشہ صاحبہ کریں گی۔ ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔

## Point of Public Importance raised by Senator Syed Ali Zafar regarding illegal cutting of trees in Islamabad

سینیٹر سید علی ظفر: اس سے پہلے کہ آگے ہم کارروائی چلائیں، کچھ دنوں سے news گردش کر رہی تھی کہ اسلام آباد میں بے تحاشا، لاکھوں کے حساب سے درخت کاٹے گئے ہیں۔ میں نے اس کی investigation بھی کی ہے اور واقعی جب آپ Google پر search کریں تو آپ کو نظر آتا ہے کہ بے تحاشا درخت کٹ گئے ہیں۔ سانس لینا ایک بنیادی حق ہے اور درخت ایک

ایسی چیز ہے جو کہ atmosphere کو ٹھیک رکھتا ہے۔ آج کل کے environmental قوانین کے مطابق درخت کاٹنا ایک جرم ہے۔ اس پر بے تحاشا judgements بھی ہیں اور اس کی ہمیں بھی medical طور پر سمجھ آتی ہے۔ میں نے جب دیکھا کہ واقعی اسلام آباد سے اتنے درخت کٹے ہیں تو میں چاہوں گا کہ حکومت فی الفور اس کا جواب دے کہ اس کی کیا وجہ ہے۔ بہانہ یہ بنایا گیا ہے کہ mulberry trees ہیں جو کہ asthma پھیلاتے ہیں۔ میں نے جو تحقیقات کی ہیں، اس کے مطابق یہ وہ والے درخت نہیں کٹے۔ وہ تو پہلے CDA کاٹ چکا ہے۔ یہ درخت شاید کسی ہاؤسنگ سوسائٹی کے لیے کاٹے گئے ہیں۔ میں چاہوں گا کہ حکومت اس وقت ہمیں جواب دے کہ یہ کس وجہ سے کٹے ہیں، اس کی حقیقت کیا ہے اور on the floor of the House ہمیں بتایا جائے کیونکہ یہ ایک ایسی چیز ہے جو ہم سب کو affect کرتی ہے۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

**Response by Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Federal Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری: جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ یہ واقعی ایک انتہائی اہمیت کا حامل matter ہے جس کے متعلق معزز سینیٹر صاحب بات کر رہے ہیں۔ سب سے پہلی بات تو میں یہ عرض کر دوں کہ آج کل ایسے scientific proofs موجود ہیں کہ یہاں پر اگر کوئی بھی دعویٰ کیا جاتا ہے یا کوئی facts and figures پیش کیے جاتے ہیں تو پورا ایوان اس کو Google imagery سے 100 فیصد confirm کر سکتا ہے۔ اسلام آباد میں جو green character ہے، وہ آج سے ایک سال پہلے، دو سال پہلے یا پانچ سال پہلے کیا تھا۔ آج اگر دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ کوئی درخت کٹے ہیں تو اس کا indirectly مطلب یہ ہے کہ وہ جو green character ہے، وہ brown character میں change ہو رہا ہے تو وہ Google imagery سے 100 فیصد دیکھا جا سکتا ہے۔ للذا، جو facts and figures میں ایوان کے سامنے رکھوں گا، یہ حقائق پر مبنی ہیں اور ان کو again I say کہ آپ 100 فیصد verify کر سکتے ہیں۔

جناب! مختصراً میں یہ بتاتا ہوں کہ جس درخت کا نام انہوں نے لیا ہے، جسے paper mulberry یا جنگلی شہتوت کہتے ہیں، 1970s میں اسلام آباد میں air sparkling کے

ذریعے اس کے seeds پھینکے گئے۔ وہ اس لیے کہ یہاں اسلام آباد میں بڑی تیزی کے ساتھ ہمیں ایک green texture چاہیے تھا۔ یہ ہمارا local پودا نہیں ہے اور یہ بہت تیزی سے پھیلتا ہے لیکن اس وقت تک اس سے جو health hazards پیدا ہوتے ہیں، ان کے اوپر کوئی study نہیں تھی۔ اس کے بعد early 90s میں یہ detect ہوا کہ اسلام آباد میں جتنے زیادہ cases اس وقت پولن الرجی اور asthma کے آرہے ہیں، اس کا بنیادی cause, paper mulberry tree ہے۔ سال 2024 میں اس درخت paper mulberry کی cutting شروع ہوئی۔ اس کے بعد سپریم کورٹ کے جسٹس قاضی فائز عیسیٰ صاحب کی طرف سے suo motu action لیا گیا اور وہ روک دیا گیا۔ یہ cutting بھی ہائی کورٹ کے order پر ہوئی تھی۔ میں وہ سارا ریکارڈ سینیٹر صاحب کو پیش کروں گا اور اسے ایوان کے سامنے بھی رکھیں گے۔

ہائی کورٹ کے آرڈر کے بعد یہ cutting شروع ہوئی۔ Suo motu action ہوا، سپریم کورٹ نے رکوادیا اور اس کے بعد جب اس کے اوپر سپریم کورٹ کی direction پر ایک کمیشن بنایا گیا تو اس کمیشن نے بھی 100 فیصد اس cutting کی support کی اور کہا کہ اس کا کاٹنا ضروری ہے۔ اس کے بعد یہ cutting دوبارہ شروع ہوئی اور paper mulberry کے تقریباً 26 ہزار درخت کاٹے گئے۔ اس کے مقابلے میں ہمارا target یہ تھا کہ ایک کے مقابلے میں ہم تین درخت لگائیں گے۔ اس وقت صرف F-9 پارک میں 46 ہزار درخت لگائے جا چکے ہیں۔ باقی شکرپڑیاں میں جو cutting ہوئی، وہاں پر بھی متبادل درخت لگائے جا رہے ہیں۔

جناب! میں جن images کی بات کر رہا ہوں، یہ بالکل ہم ایوان کے سامنے پیش کریں گے۔ یہ Google imagery بھی ہے اور پھر اس کے لیے ہم نے چونکہ اسلام آباد میں مختلف سیکٹرز سے یہ بات ہو رہی تھی، ہمارے میڈیا کے بہت لوگ اس پر بات کر رہے تھے تو پھر CDA نے SUPARCO کو دعوت دی کہ آپ satellite images جو کہ انتہائی high-tech ہیں، ان کے ذریعے اسلام آباد کو پورا نقشہ ہمارے سامنے discuss کیا جائے۔ اس میں دو سال پرانے یا تین سال پرانے images ہوں اور اس کے بعد جب درخت کٹ رہے تھے، اس کے images اور آج کے images پیش کیے جائیں۔ لہٰذا، جناب! آج آپ کو ہم images کے ذریعے بتائیں گے کہ یہ 46 ہزار درخت لگائے جا چکے ہیں۔ رہی بات housing societies کی تو اسلام آباد میں

یہ بات بالکل واضح ہونی چاہیے کہ ایک روڈ، کوئی ایک سوسائٹی، کوئی ایک سیکٹر کسی کی ذاتی مرضی و منشا سے develop نہیں کیا جاسکتا۔ چاہے وہ Prime Minister ہوں یا Chairman CDA ان کی directions کے بغیر اسلام آباد میں کوئی نئی روڈ نہیں نکالی جاسکتی unless وہ CDA کے Master Plan میں already marked نہ ہو۔ اکثر کئی ایسی سڑکیں ہیں جیسے ہمارے سامنے کی ایک بات ہے۔ ہماری 7th Avenue and 3rd Avenue بنی۔ ابھی ہم 11th Avenue پر ایک interchange بنایا۔ ایران ایونیو ابھی آدھی بنی ہے۔ ایران ایونیو جہاں سے آرہی ہے، وہ E-11 کے پاس آکر ختم ہورہی ہے جبکہ اس نے سیدھا آگے جاکر سرینگر ہائی وے پر لگنا ہے۔ اب ظاہر ہے وہ marked road ہے اور اسلام آباد کے 1960 کے Master Plan میں marked ہے۔ چونکہ ابھی تک وہ بنی نہیں ہے تو وہاں پر کچھ چھوٹے یا بڑے درخت نظر آرہے ہوں گے۔ اب جب وہ روڈ as per the Master Plan of Islamabad مکمل ہوگی تو دوبارہ یہ issue اٹھے گا وہاں پر شاید درختوں کی illegal cutting ہورہی ہے۔ again repeat کہ ایسا نہیں کہ رات کسی کو خواب آتا ہے کہ جناب صبح یہاں پر سڑک نکالی جائے اور صبح سی ڈی اے وہاں پر درخت کاٹ کے اور سڑک نکالنا شروع کردے۔ Same is the case with sector development and private housing societies. دوسری بات یہ کہ جب بھی کوئی society develop ہوتی ہے، وہ اسی prescribed area میں develop ہوتی ہے جہاں CDA کے Zoning Regulations, 1992 کے مطابق area designate کیا گیا ہے۔ جو area forever green رہے گا۔ Zone 1 اسلام آباد کا sector area ہے۔ Zone 2, private housing societies کے لیے marked ہے۔ Zone 3 Margalla Hills ہے اور forest area ہے۔ Zone 4 میں again Farm Houses and private housing societies ہیں اور Zone 5 میں روات کا area ہے and that is also a designated area for housing societies.

جناب! ان societies کی باقاعدہ این او سی دی جاتی ہے اور اس کے بعدdevelopment کاکام شروع ہوتا ہے۔ بس میں اسے مختصر کر رہا ہوں اور یہ عرض کر دوں کہ اگر Google imagery پر جہاں صرف سبز کھیت ہوں گے تو وہ بھی ایسے لگے گا کہ جیسے یہاں پر کوئی tree plantation ہوئی ہے but that is not a green area in Islamabad and actually a brown area. ہم درختوں کی counting SUPARCO کی مدد سے کر رہے ہیں اور وہ انتہائی technical طریقے سے بتاتے ہیں کہ اتنے ہزار درخت آٹھ اور نو فٹ سے اوپر اور اتنے ہزار درخت آٹھ اور نو فٹ سے نیچے ہیں۔ یہ تمام data جو میں نے آپ کے سامنے رکھا ہے اور جو ہماری images ہیں، وہ بالکل میں ایوان کے ساتھ share کرنے کے لیے بھی تیار ہوں۔ اسلام آباد کا جو ایک green texture اور ماسٹر پلان ہے، ہم اسی کے تحت اسے لے کر چل رہے ہیں۔ ایسا کوئی concept نہیں کہ ہم یہاں پر green area کو ختم کریں اور brown areas add کریں، شکریہ۔

جناب چیئرمین: اس پر ایک Calling Attention Notice بھی جمع ہے جس پر بعد میں تفصیل سے Minister In-charge بھی بات کریں گے۔ جی سینیٹر عطاء الرحمٰن۔

**Points of Public Importance raised by Senator Atta-ur-Rehman regarding: (i) non-payment of compensation to the residents of Dobair, District Kohistan; and (ii) non-provision of shelter to the IDPs of District Khyber**

سینیٹر عطاء الرحمٰن: شکریہ، جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں قومی اسمبلی اور سینیٹ دونوں میں Leaders of the Opposition کی تقرری پر جہاں دونوں کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، وہاں یہ بھی کہتا ہوں کہ

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا　　　　جو چیرہ تو فقط ایک قطرہ خون نہ نکلا

ایک بھی ان کی پارٹی سے نہیں ہے۔ بہر کیف یہ ان کی مرضی ہے۔ گزارش یہ کرنی تھی کہ ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع کوہستان میں دبیر کے مقام پر لوگ احتجاج کر رہے ہیں اور احتجاج کس چیز کا ہے۔ دبیر کا جو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ ہے، وہاں مقامی لوگوں کے ساتھ انہوں نے کچھ وعدے وعید کیے تھے کہ ہم نے ضلع کوہستان کے کیا کچھ کرنا ہے اور وہاں پر کام شروع ہو چکا ہے لیکن ابھی تک ان

وعدوں پر کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہالہٰذا وہاں کے لوگ سراپا احتجاج ہیں۔اس سردی میں وہ سڑکوں پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں گورنمنٹ سے گزارش کروں گا کہ اس پر خصوصی توجہ دیں۔ دوسری گزارش یہ کرنی تھی کہ ہمارے ضلع خیبر میں آپریشن شروع ہے اور بچوں، بوڑھوں اور عورتوں کو اس سردی میں آسمان تلے سڑک پر زندگی گزارنی پڑ رہی ہے۔ کچھ تو مقامی لوگوں پر رحم کریں۔ حکومت کا یہ رویہ اور طریقہ کار ہماری سمجھ سے بالاتر ہے۔ 10 یا 15 آدمی جو ان کے مخالف ہیں، یہ ان کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں اور ساتھ میں پورے ضلع خیبر میں انہوں نے آپریشن شروع کیا ہوا ہے۔ اس سے وہاں کے بچے جو سردی سے ٹھٹھر ٹھٹھر کر مر رہے ہیں، اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ وہاں کی عورتوں کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔ وہ عورتیں جنہوں نے زندگی بھر بازار نہیں دیکھا، آج ان عورتوں کو بھی اس سردی کے ماحول میں سڑکوں پر لا کھڑا کر دیا گیا ہے۔ پتا نہیں یہاں اسلام آباد میں آپ کو سردی لگتی ہے یا نہیں لیکن ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا میں بہت زیادہ سردی ہے۔ ان بچوں اور خواتین پر رحم کریں۔ ان بوڑھوں پر رحم کریں۔ اس متعلق سوچیں کہ وہاں جو آپریشن ہے، کم از کم ہمارے لیے انتہائی ناقابل برداشت ہے۔ وہاں کی عوام کے لیے ناقابل برداشت ہے۔اس کے متعلق سوچیں یا تو ان کے accommodation کا کوئی بندوبست کیا جائے۔ انہیں کوئی رضائیاں دی جائیں۔ ابھی ان کے پاس کچھ بھی نہیں ہے اور آپریشن پر آپریشن ہو رہے ہیں لیکن پھر کہتے ہیں جی ہم تو آپریشن نہیں کر رہے اور اگر کر رہے ہیں تو صوبائی حکومت کی رضامندی سے کر رہے ہیں۔ میں صوبائی حکومت اور مرکزی حکومت دونوں کو کہتا ہوں اور جو آپریشن کر رہے ہیں، ان سے بھی کہتا ہوں کہ خدارا! ان بچوں، ان خواتین اور ان بزرگوں پر رحم کریں اور اس ماحول کو ختم کریں، آپ کی بڑی مہربانی۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی وزیر برائے قانون۔ آپ ابھی جواب دیں گے؟

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب! میں اس پر instructions لے لیتا ہوں۔ ظاہر ہے یہ mainly ایک provincial issue ہے لیکن آج نیشنل اسمبلی میں بھی اس پر بات ہو رہی ہے۔ I will get back after getting briefing from relevant quarters. باقی یہ ایک humanitarian issue بھی ہے اور اس پر کوئی دوسری رائے

نہیں ہے۔ یہ ساری حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ پاکستان میں بسنے والے جو لوگ ہیں، ان کے لیے آسانیاں ہوں۔ ان کے جو بنیادی حقوق ہیں، ان کا تحفظ ہو۔ I will get back, In Shaa Allah.

جناب چیئرمین: Before I give the floor to the Leader of the Opposition, میں اپنی طرف سے ان کو بے حد مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ مجھے بہت خوشی ہوئی کہ سینیٹر علامہ راجہ ناصر عباس صاحب Leader of the Opposition بنے اور unanimously بنے۔ آپ کو بہت مبارک ہو اور ان شاء اللہ ہم آپ سے مستفید ہوتے رہیں گے۔ Now, the floor is yours.

## Maiden Speech of Senator Raja Nasir Abbas after being declared as Leader of the Opposition

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (عربی)۔ چیئرمین صاحب! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آپ کے باقی جو ساتھی ہیں جنہوں نے مجھے اپوزیشن لیڈر نامزد کرنے میں آپ کا ساتھ دیا اور بالآخر ایک نوٹیفکیشن جاری ہوا، ان کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں لیکن میں یہ سب کے لیے واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ میں جب سینیٹر بنا تو مجھے عمران خان نے سینیٹر بنایا۔ میں اس کا باوفا ساتھی ہوں اور کبھی بھی اصولوں پر compromise کرنے والا نہیں ہوں۔ یہاں پر ہم نے جو حلف اٹھایا تھا، وہ آپ ہی نے پڑھا تھا اور آپ کے ساتھ ہم نے بھی پڑھا تھا، میں اس کی کبھی خلاف ورزی نہیں کروں گا۔ یہ عہد ہے میرا اپنے اللہ کے ساتھ کہ کبھی بھی اس کے خلاف نہیں جاؤں گا۔ پاکستان ہماری مادر وطن ہے۔ اس کی حفاظت، بہتری، national interest and national security کے لیے جو بھی بن پڑا، اس کو انجام دیں گے ان شاء اللہ العزیز اور اپنے وطن کو ان حالات سے نکالنے میں جتنی بھی خدا نے توفیق دی ہے، اس میں اپنا رول ادا کریں گے۔ میں Treasury Benches کے دوستوں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری حوصلہ افزائی کی اور مجھے welcome کیا۔ یہ ایک good gesture تھا۔ ان شاء اللہ العزیز ہم یہ بھی کوشش کریں گے کہ سینیٹ، پاکستان کے عوام کا جو دکھ درد ہے، ان کو ختم کرنے اور ان پر مرہم رکھنے میں بنیادی role play کرے اور ایسی قانون سازیاں ہوں جس سے عوام کو اور غریبوں کو فائدہ ہو۔ وہ لوگ جو بے روزگار ہیں، مشکلات کا شکار ہیں، ہاری ہیں یا مزدور ہیں، ان کو بھی فائدہ ہو جو

پاکستان کے اصلی وارث ہیں۔ میں بعد والے دنوں میں تفصیلی گفتگو کروں گا ان شاء اللہ لیکن ابھی دو، چار باتیں کہنا ضروری سمجھتا ہوں۔ دیکھیں، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس طرح سے پیدا کیا ہے

دیکھیں، اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس طرح سے پیدا کیا ہے کہ کوئی بھی انسان اکیلا نہیں رہ سکتا۔ ایک دوسرے کے ساتھ رابطے اور تعلق میں رہنا ہے۔ اسی بنیاد پر ایک فیملی بنتی ہے، اسی بنیاد پر ایک قوم اور قبیلہ بنتا ہے، دیہات بنتا ہے، شہر بنتا ہے، ٹاؤن بنتا ہے، صوبے بنتے ہیں اور معاشرہ بنتا ہے۔ ایک فیملی ہو یا گھر ہو، بغیر قانون کے نہیں چل سکتا۔ بالآخر وہاں ایک بڑا ہوتا ہے، اس کے پاس اختیارات ہوتے ہیں، اس کے بعد اگر اس کی بات نہ مانی جائے، نہ سنی جائے، تو پھر بڑے ہونے کا مطلب ہی ختم ہو جاتا ہے۔ تو دنیا کے اندر رائج ہے کہ جب ایک قوم اور افراد اکٹھے رہنا چاہتے ہیں تو معاشرہ بن جاتا ہے تو انسان کچھ قواعد و ضوابط کے تحت رہتا ہے اور وہ قواعد و ضوابط ان لوگوں کو اکٹھا رکھنے کے لیے ایک ضامن کی حیثیت رکھتے ہیں۔ پاکستان مختلف اقوام کا ایک ملک ہے۔ یہاں مختلف قومیں آباد ہیں، مختلف لسان آباد ہیں، مختلف لوگ آباد ہیں اور مختلف ادیان آباد ہیں۔ 1971 میں پاکستان ٹوٹنے کے بعد یہ والا پاکستان وجود میں آیا، جس کا متفقہ آئین، یا قریب اتفاق آئین، 1973 میں بنا ہے۔ آئین عوام کے درمیان ایک سوشل کنٹریکٹ یا ایک عمرانی معاہدہ ہوتا ہے جو ان کی آرزوؤں کا اور امنگوں کا ترجمان ہوتا ہے، ان کے افکار اور نظریات کا ترجمان ہوتا ہے۔ جب آئین بن جاتا ہے تو اس کی روشنی میں، سارا آپ جانتے ہیں، مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ قوانین بنتے ہیں، پارلیمنٹ قوانین بناتی ہے، سینیٹ ہے، قومی اسمبلی ہے، اور قوانین کے تحت ہی ادارے بنتے ہیں، اور الیکشن ہوتا ہے، مختلف ادارے develop ہوتے ہیں، عدلیہ بنتی ہے، سارے ادارے بنتے ہیں اور ریاست کے ستون وجود میں آتے ہیں۔ ہمارے آئین نے باقاعدہ یہ طے کیا ہوا ہے کہ یہ جو تین ستون ہیں، یہ مستقل ہوں گے۔ کوئی ایک دوسرے کے دائرہ کار میں مداخلت نہیں کرے گا۔ آئین بہت مقدس کتاب ہے، جو پچیس، چھبیس کروڑ عوام کی آرزوؤں اور امنگوں کا ترجمان ہے، اور آئین کی روشنی میں جو قوانین بنتے ہیں، یہ بہت مقدس ہیں۔

جناب! میں نے پہلے بھی ایک دفعہ کہا تھا، ہمارے استاد ہیں جو بہت بڑے فلسفی تھے اور برٹرینڈ رسل بھی ان کے ساتھ خط و کتابت میں رہا تھے۔ وہ کہہ رہے تھے کہ اگر کوئی ڈرائیونگ کرتے ہوئے ٹریفک کی ریڈ لائٹ کراس کرے تو اس کو روکو، چیک کرو اور دیکھو کہ وہ اندھا تو نہیں

ہے، اس کا دماغ خراب تو نہیں ہے، اس نے قانون کو اتنا گھٹیا کیوں سمجھا ہے؟ اسے اپنے پاؤں تلے کیوں روندا؟ کس وجہ سے روندا ہےاور ہوا کیا ہے؟ جس ملک کےاور معاشرے کے اندر قانون اپنی حرمت اور تقدس کھو بیٹھتا ہے، وہ جنگل بن جاتا ہے۔ آپ خود سوچیے کہ اگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی شروع ہو جائے تو کیا ٹریفک چل سکتی ہے اس دور کے اندر۔ کوئی بھی قانون ہو، اس کا اثر ایسے ہی ہوتا ہے۔ تو اس وقت پاکستان مختلف مشکلات کا شکار ہے۔ ان میں سے ایک مشکل کیا ہے؟ وہ لا قانونیت ہے۔ دیکھیں حکومت کیوں ہے، اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ معاشرے میں عدل و انصاف قائم ہو۔ حکمرانوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عدل و انصاف قائم کریں، یہ ڈیوٹی ہے ان کی۔ عدل و انصاف کے نتیجے میں ان کی جان کی حفاظت ہو گی، ان کے مال کی حفاظت ہو گی، ان کی ناموس کی حفاظت ہو گی، لوگوں کو ان کے حقوق ملیں گے۔ بغیر عدل کے کوئی معاشرہ رشد نہیں کر سکتا۔ ناانصافی جھگڑے اور لڑائیاں، قتل و غارت گری لے کے آتی ہے، تباہی و بربادی لے کے آتی ہے۔ ناانصافی، جو میں نے قرآن کی آیت پڑھی ہے، خالقِ کائنات نے ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے سارے نبی اس لیے بھیجے، آسمان سے کتابیں اس لیے نازل کیں، ان کے ساتھ میزان اور واضح نشانیاں اس لیے بھیجیں، (عربی) یعنی انبیاء کی بعثت کا ایک ہدف یہ تھا کہ انسانی معاشرہ عدل پر استوار ہو، معاشرے کی اساس اور بنیاد عدل ہو۔ اس لیے انبیاء پہ خداوندِ متعال نے بھیجا ہے۔ حکومت بھی اسی لیے ہے کہ انسانی معاشرے کو عدل کی بنیاد پر استوار کرنے میں role play کرے۔ البتہ افراد کا بھی، لوگوں کا بھی رول ہے، لیکن ہم دیکھتے ہیں اس وقت پاکستان کے اندر عدل و انصاف عنقا ہے۔

جناب! ہمارے اداروں کا استقلال، جو تین مستقل ادارے تھے، ستون تھے ریاست کے، ان کا استقلال ختم ہو چکا ہے۔ لوگوں کا اعتماد، عدل اور انصاف نہ ہونے کی وجہ سے، ہمارے سسٹم سے اٹھتا چلا جا رہا ہے۔ عدلیہ دیکھ لیں، اس کی صورت حال کیا بن چکی ہے۔ ہماری پارلیمنٹ کے اوپر لوگوں کا اعتماد ختم ہوتا چلا جا رہا ہے۔ ہماری مقنّنہ جسے آپ ایگزیکیوٹ کرنے والی اتھارٹی اور پاور کہتے ہیں، حکومت، ان پر بھی لوگوں کا اعتماد اٹھ چکا ہوا ہے۔ پاکستان کے عوام اس وقت سب سے زیادہ، ان کا جو مسئلہ بن چکا ہے، وہ اس سسٹم کے اوپر اعتماد نہیں کرتے۔ جب بھی کوئی حکومت، سسٹم، اپنے عوام کا اعتماد کھو بیٹھتا ہے، اس کی soft power ختم ہو جاتی ہے، national power بھی ختم ہو جاتی ہے۔ نیشنل پاور یا سافٹ پاور گولیوں سے، ٹینکوں سے، توپوں سے، جہازوں سے نہیں بنتی۔

ملکوں کے پاس ایٹم بم موجود تھے، ٹوٹ گئے، تباہ و برباد ہو گئے۔ آپ کے سامنے سویت یونین ہے۔ اس لیے بغیر عدل و انصاف کے اور آئین کی حکمرانی کے اور rule of law کے بغیر لوگوں کو اکٹھا رکھنا ناممکن ہے۔ ایک باپ اپنے بچوں کو اکٹھا نہیں رکھ سکتا، ناانصافی کے ساتھ ایک گھر کے اندر لڑ پڑتے ہیں اور جدا ہو جاتے ہیں، تو پچیس، چھبیس کروڑ انسانوں کو بغیر عدل و انصاف کے ہم کیسے رکھ سکیں گے۔ ناانصافیوں کا نتیجہ کیا ہے، ہمارے سامنے کے پی کے اس وقت موجود ہے، لوگوں کی کیا صورت حال ہے۔ میں مولانا صاحب کی تائید کرتا ہوں، یہ ناانصافی نہیں ہے کہ لوگوں کو گھروں سے اٹھا دیا جائے، چند دہشت گردوں کو تلاش کرنے کے لیے۔ اگر آپ ان سے مدد لیتے تو شاید دہشت گرد علاقے میں آ ہی نہ سکے۔ لوکل لوگوں کی سپورٹ کے بغیر، ان کی مدد کے بغیر، آپ کیسے ختم کر سکتے ہیں دہشت گردی کو اور امن لے کے آ سکتے ہیں۔ پھر جب تک لوگوں کو انصاف نہیں دیں گے، کیسے امن آئے گا۔ اس پر اسی طرح سے میں ان شاء اللہ بعد والے دنوں میں بات کروں گا۔

جناب! ہم سب کی ذمہ داری ہے، اس ایوان کی ذمہ داری ہے کہ وہاں عدل کے نفاذ کے لیے اٹھیں۔ سب سے پہلا یہ ہے کہ جو اس وقت ہمارے ملک کے اندر سیاسی بحران ہے، اس بحران کا خاتمہ نہیں ہوگا تو معاشی مسائل حل نہیں ہوں گے، امن و امان کے مسائل بھی حل نہیں ہوں گے، یک سوئی پیدا نہیں ہوگی۔ سیاسی بحران کیسے پیدا ہوا ہے؟ آٹھ فروری 2024 کو جو ہوا، اس کے بعد ملک کے اندر سیاسی بحران اور unrest پیدا ہوا، جو آج تک جاری ہے۔ چیئرمین صاحب، میں نے ابھی پنجاب کا سفر کیا، Interior سندھ میں بھی گیا ہوں، کراچی بھی گیا ہوں۔ آپ یقین کریں، ہم اسلام آباد سے جب گاڑیوں میں لاہور کی طرف نکلے، ہمارے ساتھ لوگوں کی گاڑیوں کو توڑا گیا۔ یہ کون سا قانون ہے۔ ہمارے ہاتھ میں اسلحہ تھا، گولیاں تھیں، کیا تھا، ہم تو پرامن تھے۔ کسی نے کسی سے پوچھا، کیوں لوگوں کو مارا، ان کے سر پھاڑے۔ کہیں گے کہ بندے لے گئے ہیں، کون ہیں، کون ہیں، اپنی آنکھوں سے ہم نے دیکھا، ہم گواہ ہیں۔ یہ کیوں ایسے ہو رہا ہے، کیوں لاقانونیت پھیلائی جا رہی ہے۔ کیا لوگوں کو دبا کے، ان کی رائے کو کچل کے، اور ان کو پریشرائز کر کے، ہراساں کر کے، ہم سسٹم چلا لیں گے۔ یہ انسان ہے، اس کو پریشر ککر کی شکل میں نہ جانے دیں کہ جب پھٹے گا تو کچھ نہیں بچے گا۔ لوگوں کو بولنے دو، لوگوں کے جذبہ حریت کو نہ کچلو، بات کرنے دو۔ ملک کی سافٹ پاور بڑھتی ہے اگر لوگ احتجاج کرتے ہیں، آئین اور قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے۔ اس سے ملک طاقتور ہوتا ہے۔

دھرنا دیتے ہیں، بھوک ہڑتال کرتے ہیں، مظاہرہ کرتے ہیں، ملک طاقتور ہوتا ہے۔ اس سے عوام میدان میں ہوتے ہیں۔ اگر عوام میدان میں ہوں تو دنیا کی کوئی طاقت، بڑی سے بڑی طاقت بھی، اس ملک کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

جناب! اس وقت جو سب سے بڑا مسئلہ ہے، سیاسی بحران کے خاتمے کا ایک ہی حل ہے، واحد حل ہے، عمران خان صاحب کو آزاد کیا جائے۔ آپ کے چیمبر میں وزیرِ قانون صاحب نے فرمایا کہ جو کیسز ہیں، وہ چل رہے ہیں، اور وہاں فیصلے ہو جائیں گے۔ چیئرمین صاحب، کیسز نہیں چل رہے، ایک سال ہونے کو ہے، ان کی جو ہائی کورٹ کے اندر پٹیشنز ہیں، ان کو نہیں سنا جا رہا۔ اس وقت کیسز نہیں چل رہے ہیں۔ اگر ہم اسی طرح سے کسی کو دبا کے رکھیں گے، جس کے ساتھ عوام کی 90% اکثریت ہے، جو دنیا کے اندر پاکستان کا وقار تھا، پاکستان کے لیے ایک سافٹ امیج تھا، دنیا کے اندر پاکستان کی شناخت تھا، اختلافات ہو سکتے ہیں، آپ کو، ہم سب کو ہو سکتے ہیں ایک دوسرے کے ساتھ، لیکن حقیقتوں کا انکار ہم نہیں کر سکتے۔ وہ پاکستان کے عوام کی اکثریت ہے۔ آپ ایک پاپولر پولیٹیکل لیڈر کو جیل میں رکھ کر ملک کو آگے نہیں لے جا سکتے۔ ہم نے پہلے غلط قدم اٹھائے ہیں، کیے ہیں یا ہوئے ہیں۔ ذوالفقار علی بھٹو صاحب پاکستان کے پاپولر پولیٹیکل لیڈر تھے، ان کا جوڈیشل قتل ہوا، بعد میں کورٹ نے کہہ دیا، ہم سپریم کورٹ گئے، کورٹ نے کہہ دیا ظلم ہوا، زیادتی، لیکن کہاں سے واپس لائیں گے اس کو جو چھین لیا گیا۔ بے نظیر بھٹو صاحبہ اپنے دور کی پاپولر پولیٹیکل لیڈر تھیں، ان کے ساتھ کیا ہوا، کس طرح سے مارا گیا ان کو، ان سے ان کی جان چھین لی گئی، زندہ رہنے کا حق چھین لیا گیا۔ اور آج ایک تیسرا پاپولر پولیٹیکل لیڈر ہے۔ آپ یقین کریں، میں امام حسین علیہ السلام کا ماننے والا ہوں، اگر ہمارے دشمن کے ساتھ بھی ظلم ہوگا تو اس کا ساتھ دیں گے۔ آپ یقین کر لیں، خدا نے ہمیں قرآن مجید کے اندر کہا ہے کہ ظلم کے مقابلے میں کھڑے ہو جاؤ، مظلوم کا ساتھ دو۔

اس وقت جو بے گناہ جیلوں میں قیدی ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد صاحبہ ہیں، آپ مجھے بتلائیں کہ ایک بزرگ خاتون، میڈیکل کی بہترین ڈاکٹر، کیا وہ دہشت گرد ہے۔ ہم دنیا کو کیا پیغام دے رہے ہیں کہ پاکستان میں وہ خاتون جو ابھی بھی جیل کے اندر مریضوں کا علاج کرتی ہے، ان کو look after کرتی ہے، وہ کینسر کی مریضہ رہی ہے۔ باقی لوگ جو یہاں سینیٹ میں رہے ہیں؛ کیا اعجاز چوہدری دہشت گرد ہیں؟ سرفراز چیمہ صاحب دہشت گرد ہیں؟ خدا کے لیے! سیاستدان اپنے آپ کو

خراب نہ کریں۔ سیاست دانوں نے عوام کے ساتھ مل کر یہ ملک بنایا تھا۔ انہوں نے چلانا بھی ہےاور آگے بھی بڑھانا ہے۔ سیاستدان ان چیزوں کوfeel کریں۔ یہ پارلیمنٹ، یہ ادارہ feel کرے کہ کیوں ظلم ہورہاہے۔ کیوں ایسے cases بنائے جارہے ہیں جن کی کوئی base ہی نہیں ہے؟ پاکستان میں لوگوں کوheal کرنے کی ضرورت ہے، غصہ کم کرنے کی ضرورت ہے۔آپ اگر اس طرح کارویہ اپنائیں گے تو لوگوں میں نفرت پیدا ہوگی، غصہ پیدا ہوگا، پھر وہ جھگڑیں گے، لڑائیاں پیدا ہوں گی،extremismآئے گی اور قتل وغارت گری ہوگی۔

بلوچستان میں ناراض لوگوں کو اگر ہم اس حد تک نہ جانے دیتے، شاید وہاں لوگوں کی ناراضگی کی ایک وجہ ناانصافیاں ہیں۔ خیبر پختونخوا، پنجاب اور سندھ میں بھی ناانصافیاں ہیں۔ جہاں ناانصافی ہوگی وہاں فساد ہوگا، جھگڑے ہوں گے، کرپشن ہوگی اور تباہی وبربادی ہوگی۔ لہٰذا، ہماری پارلیمنٹ کو، سینیٹ کو باقاعدہ طور پر تمام کے تمام جو سیاسی قیدی ہیں، بے گناہ ہیں، ان کی آزادی کی بات کرنی چاہیے۔انہیں رہا کرنے کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔ ہمارے وہ جوان بچے جن کا مستقبل تاریک ہو گیا ہے۔ جوان بچے جیلوں میں ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ انہیں بھی آزاد کرائیں۔ ان کے ساتھ کھڑے ہوں۔ ان کو relief دیں۔ عام معافی کا اعلان کر دیں۔ اس سے فائدہ ہوگا، حکومت کو فائدہ ہوگا۔

جیسے کل محمود خان صاحب نے قومی اسمبلی میں کہا کہ ہم ہر اچھے کام میں آپ کا ساتھ دیں گے۔ قرآن نے کہا ہے کہ (عربی)۔ اچھائی کے کاموں میں تعاون کرو، مدد کرو، ساتھ دو۔ (عربی) لیکن گناہ ہو، ظلم ہو، زیادتی ہو، اس میں تعاون نہ کرو۔ لاقانونیت تو ظلم ہے، زیادتی ہے۔ اس کا ہم راستہ روکیں گے۔ اچھے کاموں میں ہم آپ کا ساتھ دیں گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ یہ ایوان اپنی ذمہ داریاں انجام دے۔ لوگوں نے ان ایوانوں پر اعتماد کیا ہے، ہم پر اعتماد کیا ہے۔ ہم یہاں پر غریبوں، مظلوموں، محروموں، ہاریوں اور کسانوں کے نمائندے ہیں۔ ہم یہاں پر ان کی آواز ہیں۔ اگر ہم ان کے دکھ درد محسوس نہیں کریں گے، تڑپیں گے نہیں۔ مولانا رومی کا ایک شعر ہے:

سینے خام شر شر از تراک تا بگوئم شر درد اشتیاق

جب تک کوئی آدمی کسی مشکل میں نہ پڑا ہو، وہ اس مشکل کے بارے میں حقیقت نہیں جان سکتا۔ جو آگ میں جل رہا ہے، باہر والے کو تو نہیں پتا کہ یہ تکلیف میں ہے لیکن جب تک خود آگ

میں نہ جائے،اسے نہیں پتا چلتا کہ جلنے کی تکلیف کیا ہوتی ہے۔ اس وقت عمران خان صاحب کی زوجہ کو بھی بے گناہ جیل میں رکھاہوا ہے۔ ان سے ملاقات پر پابندی ہے۔ کس قانون کے تحت؟ ہم تو ملاقات کی بات نہیں کرتے، ہم کہتے ہیں کہ ان بے گناہوں کو آزاد کیا جائے، رہا کیا جائے تاکہ ملک میں جو سیاسی عدم استحکام ہے،وہ ختم ہو جائے۔ پاکستان کے عوام پر اعتماد کریں۔ پاکستان کے عوام جب collective فیصلہ کریں گے تو کوئی غلط فیصلہ نہیں ہوگا،وہ بہتر فیصلہ کریں گے۔ جب بھی عوام کو موقع دیا گیا تو انہوں نے اچھے فیصلے کیے ہیں۔ ان کو،ان کے ووٹوں کو irrelevant نہ کیا جائے۔ دیکھیں، ووٹ دینا،اللہ نے قرآن مجید میں ہمارے لیےانتخاب کا ہمیں حق دیا ہے۔ ہمیں با ارادہ بنایا ہے۔ ہم اپنے ارادے سے جو چاہیں کھائیں،جو چاہیں پئیں۔ جہاں چاہیں جائیں۔ اختیار بھی دیا ہے اور کسی چیز کو چننے کا،انتخاب کرنے کا ہمیں حق دیا ہے۔ پاکستان کے آئین نے بھی کہا ہے کہ پاکستان کے حکمران عوام منتخب کریں گے۔ یہ عوام کا حق ہے۔ کس نے ہم پر حکومت کرنی ہے،آئین کی روشنی میں عوام ووٹ دیں گے، یہ عوام کا حق ہے، وہ چنیں گے اور جس کو عوام چنیں گے،آئین اس کی اجازت دیتا ہے کہ وہ ہم پر حکومت کرے، نہ کہ وہ جس کو عوام ٹھکرا دے اور وہ ہم پر مسلط ہو جائے۔ اس کو حکومت کرنے کا حق نہیں ہے۔ نہ آئین اجازت دیتا ہے،نہ خدا اجازت دیتا ہے اور نہ دین اجازت دیتا ہے۔ اگر مجھے یقین ہو کہ مجھے عوام نے ٹھکرایا ہوا ہے تو یہاں پر بیٹھنا میرے لیے جائز نہیں ہے۔ یہاں کے جتنے بھی وسائل ہیں،ان سے استفادہ کرنا جائز نہیں ہے۔ میں کل خدا کو جوابدہ ہوں۔

اگر پاکستان میں درست جمہوری طریقہ اپنایا جائے۔آج ایک جیتتا ہے،وہ حکومت کرے گا۔اگر deliver نہیں کرے گا تو کل دوسرا، تیسرا آ جائے گا۔ اس سے عوام بھی رُشد کرتے ہیں۔ جب عوام چنتے ہیں، ممکن ہے بعض اوقات کسی حوالے سے ان سے کوئی غلطی بھی ہو جائے،ان کو ٹھیک کرنے کا موقع ملتا ہے۔ اس سے قومیں رُشد کرتی ہیں، آگے بڑھتی ہیں، بالغ الفکر ہوتی ہیں، بابصیرت ہوتی ہیں، سمجھدار ہوتی ہیں اور ایسی قومیں اپنے ملک کی حفاظت بھی کرتی ہیں۔ اگر ہم انہیں irrelevant کر دیں گے تو ہم انہیں شاہ دولے کا چوہا بنا دیں گے۔ ان کی عقل چھوٹی ہو جائے،سوچیں بھی نہ، فکر بھی نہ کریں۔ انہیں پاکستان کے مسائل سے detach کریں،اپنے وطن سے لاتعلق کریں تو نتیجہ کیا ہوگا۔ پھر پاکستان طالع آزماؤں کے ہاتھ میں

چلا جائے گا۔ پھر وہی لوگ آئیں گے جو بھٹو کو عدالت سے شہید کرواتے ہیں۔ وہی لوگ آئیں گے جو بے نظیر بھٹو کو شہید کرواتے ہیں اور قاتلوں کا پتا نہیں چلتا۔

آج عمران خان ایک popular political leader ہے۔ Nation building کے لیے ایک popular political leader کا ہونا بہت ضروری ہے، نمبر1۔ ہم ایک قوم بن سکتے ہیں۔ دوسرا، deliver کرنا، good governance nation building کے لیے بہت ضروری ہے۔ تعلیم بہت ضروری ہے۔ نصاب ایسا دیں جو ہمیں ایک قوم بنائے۔ اگر ایک علاقے میں ترقی اور پیش رفت ہو اور دوسرے علاقے میں غربت ہو اور وہاں پر کوئی کام نہ ہو، اس سے فاصلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ تو اس کے نتیجے میں وہ لوگ جو محروم ہوتے ہیں اور وہ لوگ جن کے پاس سب کچھ ہوتا ہے، پھر یہ ایک قوم نہیں بن سکتے۔ لوگوں میں غصہ آتا ہے۔ بلوچستان کے لوگ کہیں گے کہ ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا۔ سندھ کے لوگ کہیں گے کہ ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا۔ پنجاب کے لوگ کہیں گے کہ ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا۔ خیبر پختونخوا کے لوگ کہیں گے کہ ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا۔ گلگت بلتستان کے لوگ کہیں گے کہ ہمیں ہمارا حق نہیں ملتا۔ تو نتیجہ کیا نکلے گا، ایک قوم نہیں بن سکتے۔ نفرتیں پھیلائی جاتی ہیں۔ اچھی حکمرانی اور deliver کرنے سے اور عدل و انصاف کے ذریعے پاکستان کو ایک گلدستہ بنایا جا سکتا ہے۔ لوگوں کو ان کا حق دینے کے لیے ہم اکھٹے ہو سکتے ہیں۔ نفرتیں ختم ہو سکتی ہیں اور ہم ایک قوم بن سکتے ہیں۔ پہلا مرحلہ قوم بننے کا ہے۔ پھر حکومت بننے کا کام ہے۔ پھر nation building کا کام ہے، country building کا کام ہے، یہ سارے آپس میں related ہیں۔ لیکن جناب چیئرمین! دیکھ لیں اس وقت ہم جتنا آگے بڑھتے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! چونکہ میرا پاکستان سے ایک خاص تعلق بھی ہے۔ جب 16 دسمبر 1971 کو پاکستان ٹوٹا، میرے ابو 17 دسمبر کو BBC کی خبریں سن رہے تھے اور وہ رپورٹ آ رہی تھی، وہ اکتالیس سال کے تھے۔ چھ فٹ تین انچ ان کا قد تھا۔ وہ گرے، ان کو heart attack ہوا اور ان کی death ہو گئی ۔ وہ ایسے بیٹھتے تھے، اوہو، اوہو کرتے تھے۔ وہ توہین آمیز commentary جو BBC کر رہا تھا۔ وہ ناقابل برداشت تھی۔ اسی دن ان کی death ہو گئی، جس دن پاکستان ٹوٹا تھا، اسی دن میں یتیم ہوا تھا۔ اب میں اس وطن، پاکستان کے لیے اپنی جان

دے دوں گا لیکن ہر وہ کام جو میرے وطن کو نقصان پہنچائے گا،اس کے راستے میں رکاوٹ بنوں گا۔ اس کا ہم راستہ روکیں گے۔ پاکستان میں rule کرنا سیاست دانوں کا کام ہے اور کسی کا بھی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! وہاں پر نصیحت کی جا رہی تھی کہ آپ اداروں، عدلیہ کے حوالے سے بات نہ کریں۔آپ مجھے بتائیں میں کیا کروں۔ آپ بھی جیل میں رہے ہیں۔ کیا عدلیہ انصاف دے رہی ہے؟ ہمارے اوپر ایک کیس تھا۔ میرے والد صاحب کی زندگی میں دیوانی، زمین کا کیس تھا جس پر ہمارا گھر بنا ہوا تھا۔ میرے ابو کے مرنے کے بعد اس کا فیصلہ آیا۔ جب جج نے دیکھا کہ چھوٹے چھوٹے بچے ہیں تو پھر اس کے بعد فیصلہ ہوا۔ ہمارا ایسا طولانی عدلیہ کا نظام ہے۔ جناب! انصاف نہیں ملتا۔ ناانصافی ہے، اسی لیے یہ ساری تباہی و بربادی ہے۔ ہم کیا کہیں گے کہ عدلیہ بہت اچھا کام کر رہی ہے، بہت اچھا کام کر رہی ہے۔

ایک طرف ہمارے اسٹیبلشمنٹ کے بزرگان یہ کہتے ہیں کہ ہمارا سیاست سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کیا ہم سر پر قرآن رکھ کر کہہ سکتے ہیں کہ ان کا تعلق نہیں ہے۔ ہر کسی کو اپنے حلف کے تحت جانا پڑے گا۔ کل محمود خان صاحب نے کہا کہ میں نے آج تک کسی کا ہاتھ نہیں چوما، نہ باپ کا چوما ہے اور نہ بڑے بھائی کا لیکن اگر آرمی چیف، سب اپنے domain میں چلے جائیں تو ہم فوج کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور انہوں نے کہا کہ پھر میں ان کا ہاتھ چوموں گا۔ ہم سارے ان کو salute ماریں گے، عزت کریں گے، ہر لحاظ سے کریں گے۔ وہ اپنے domain میں چلے جائیں اور صرف اپنا کام کریں جو ملک کا دفاع ہے، ملک کی national security ہے اور باقی چیزیں ہیں،ان کے ساتھ تعلق رکھیں گے تو ہم سب ان کو salute ماریں گے، شرط یہ ہے کہ ہر ایک اپنی domain میں چلا جائے۔ کیا جھگڑا ہے ہمارا، پاکستان کی وجہ سے آپس میں لڑائی ہے۔ پاکستان کی وجہ سے آپس میں اختلافات ہیں۔ کسی کو حق نہیں ہے کہ وہ اٹھے اور لوگوں کو اٹھا کر جیلوں میں ڈال دے بغیر کسی وجہ کے کہ مجھے پسند نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! آپ یقین کریں کہ جس دن بھٹو کو پھانسی لگی تھی، میں بالکل جوان تھا، میں اس دن بہت رویا تھا۔ میں اس دن کراچی کے کینٹ ریلوے سٹیشن پر تھا۔ وہاں پر وہ ضمیمہ بک رہا تھا۔ میں نے جب بے نظیر بھٹو صاحبہ کی "Daughter of East" پڑھی تو میری آنکھوں میں آنسو آئے۔ وہ میں نے اپنی بیٹی کو ہدیہ دی کہ بیٹا دیکھو کس طرح سے پاکستان جیسے ملک میں اگر

کسی نے ملک کو ٹھیک کرنے کی کوشش کرنی ہے تو کن مشکلات سے گزرنا پڑتا ہے۔ایک چوبیس سال کی لڑکی پاکستان آتی ہیں، پندرہ دن کے بعد اپنے باپ کے وزیراعظم ہاؤس سے گرفتار ہوتی ہیں اور اس کے بعد ان کو نظر بند کیا جاتا ہے، جیلوں میں ڈالا جاتا ہے۔

میں بعض معلومات رکھتا ہوں کہ میرے جاننے والے اس وقت بعض جگہوں پر تھے، انہوں نے مجھے ایسے مظالم اور ظلم بتائے ہیں جو اس بی بی پر ہوئے، شاید زبان پر کبھی نہ لائیں ہوں۔ ہم نے اسی طرح سے ملک کو چلانا ہے، عمران خان صاحب، ان کی wife, ان کے ساتھی کیوں جیل میں ہوں؟ اگر یہ والی عدلیہ ان کے case سنے گی، جو بھی فیصلہ کرے گی، لوگ اس پر یقین نہیں کریں گے۔ کیونکہ لوگوں کا اعتماد اٹھ چکا ہے۔ جناب! ہم اتنا ہی کہتے ہیں کہ کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہماری عدلیہ سے عوام کا اعتماد اٹھ چکا ہے۔ پاکستان میں چلے جائیں، گلی کوچوں میں پھریں، لوگوں سے پوچھیں آپ کیا کہتے ہیں ہمارے عدالتی نظام کے بارے میں؟ لوگ آپ کو جواب دیں گے کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ میری گزارش ہے، اپنے دوستوں سے، یہاں وزرا بیٹھے ہیں، رانا صاحب بیٹھے ہیں، باقی سب بیٹھے ہیں، آئیں ملک کو politically بہتر حالات کی طرف لے کر جائیں۔ عمران خان صاحب کے ساتھ جو زیادتی ہو رہی ہے، آپ کے ساتھ، کسی اور کے ساتھ خدا کرے نہ ہو۔ آپ پر جو کیس بنا تھا وہ زیادتی تھی، آپ کو پتا ہے کہ کیس کون بناتا ہے، کس نے بنایا تھا، آپ مجھ سے زیادہ جانتے ہیں۔ ہم کب ان کا راستہ روکیں گے؟ کب تک یہ کیس بنانے والے اور ہمیں استعمال کرنے والے، وہ ہمیں استعمال کرتے رہیں گے، ہم ہوتے رہیں گے اور ایک دوسرے کے گلے کرتے رہیں گے۔

یہ ملک سیاستدانوں نے بنایا ہے، عوام نے ساتھ دیا ہے۔ اس ملک کو چلانے کا حق بھی آئین اور قانون نے سیاستدانوں کو دیا ہے اور عوام کے ساتھ مل کر چلائیں گے، کسی اعلیٰ افسر کو نہیں دیا ہے۔ میرا اپنا خاندان بھی پاکستان کے ساتھ، اس کے ہیرو رہے ہیں، لڑے ہیں، جنگیں لڑی ہیں اور پاکستان کی خاطر قربانیاں دی ہیں۔ لہٰذا پاکستان کے National Interest ہوں یا National Security اس پر کوئی compromise کسی سے نہیں کریں گے۔ البتہ ٹھیک کرنے کے لیے، بہتری کی طرف جانے کے لیے، ہر قربانی دینے کو تیار ہیں۔ سیاسی طور پر ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، ہر قدم اٹھانے کو تیار ہیں، کیونکہ کار خیر ہے۔

ہر کسی کو اپنی domain میں سمجھنے کے لیے ہر قسم کا قدم اٹھانے کو تیار ہیں تاکہ ملک چلے، ادارے بنیں اور چلیں، عوام کی نظروں میں نہ گریں۔ ان شاء اللہ عزیز، مجھے یقین ہے کہ اگر ہم نے کوشش کی اور مل کر فیصلے کیے، کیونکہ collective wisdom بہت اہم ہوتی ہے۔ للذا ہمارے فقہا نے بھی کہا ہے کہ اجماع، اس میں collective wisdom ہوتی ہے اور اس کے مطابق دین و اسلام کے فتویٰ جاری کرتے ہیں۔ اجماع وہاں ہوتا ہے جہاں قرآن وسنت میں کوئی دلیل نہیں ہوتی۔ ہمارے اہلِ سنت فقہانے لکھا ہے کہ وہ تقریباً فقہا کی collective wisdom ہوتی ہے اور اس wisdom کو دین کی حیثیت دی جاتی ہے۔ لہٰذا اپنی collective wisdom کے ساتھ Parliament یہ کام کر سکتی ہے کہ سب سے پہلے پاکستان کے اندر political harmony پیدا کرنے کے لیے عمران خان کے cases کو چلنے دیں، جیسے چلنے چاہئیں، رکاوٹیں نہ بنیں اور انشاء اللہ case بھی ایسے ہی ہیں کہ وہ چھوٹ جائیں گے۔ لیکن رکاوٹ نہ بنی جائے، کیس چلنے دیئے جائیں۔

ہمارے Senate کو بلوچستان جانا چاہیے، آپ کا وفد جانا چاہیے، لوگوں سے ملنا چاہیے۔ ہم کیا role play کر سکتے ہیں؟ جو ناراض لوگ ہیں ان کو راضی کرنے کے لیے۔ ہمیں KP جانا چاہیے، ہمیں Interior Sindh جانا چاہیے، پنجاب جانا چاہیے، GB جانا چاہیے، کشمیر جانا چاہیے کہ کیا کریں، ہمارے Senate کو ایک فعال role play کرنا چاہیے۔ ہم لوگوں سے ملیں، جا کر اپنا input دیں چیزوں کو ٹھیک کرنے کے لیے۔ آپ نمائندے ہیں پورے پاکستان کے، Senate پورے پاکستان کی نمائندگی کرتا ہے، للذا ہمیں جانا چاہیے، لوگوں کی مشکلات قریب سے دیکھنی چاہئیں۔

آپ یقین کریں میرا چونکہ عوام سے رابطہ رہتا ہے، یقین کریں لوگوں کے پاس بجلی کے بل کے پیسے نہیں ہوتے، دوائی کے پیسے نہیں ہوتے، بچوں کے school کے پیسے نہیں ہوتے، لوگ مشکلات کا شکار ہیں۔ یہ پاکستان elite class کے لیے نہیں بنا تھا، یہ پاکستان پاکستان کے عوام کے لیے بنا تھا اور اکثریت عوام کی، آپ خود کہہ رہے ہیں کہ بارہ تیرہ کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے ہیں۔ ہم کبھی ان کے لیے پریشان ہوئے ہیں؟ کبھی سوچا ہے کہ رات کو ایک وقت کا کھانا نہ کھائیں، ان کو بھیج دیں؟ کبھی سوچا ہے کہ بچوں کے جو کپڑے لے رہے ہیں، کچھ ان کے لیے بھی لے لیں؟ ہم

شادیوں میں اتنا خرچ کرتے ہیں، کچھ غریبوں کے بچوں کی شادیوں کے لیے بھی کر دیں؟ محسوس کریں۔

میں آخری بات کہہ کر ختم کرتا ہوں۔ KPمیں قومی جرگہ ہوا، تمام سیاسیpartiesوہاں موجود تھیں، ہم بھی موجود تھے، تمام قبائلی سردار موجود تھے، یا اکثریت موجود تھی۔ ان کا متفقہ فیصلہ تھا کہ یہاںoperationنہیں ہونا چاہیے، وہاں کے لوگوں کو اعتماد میں لیا جائے۔ جناب، میں ایران میں رہا ہوں، پڑھتا رہا ہوں۔ وہاں انقلاب کے بعد دہشت گردی اتنی زیادہ تھی کہ ہر روز لوگ مرتے تھے۔ لوگ ڈرتے ہوئےParliamentسے باہر نہیں جاتے تھے کہ مارے جائیں گے، قتل ہو جائیں گے۔ ایک ایک دن میں 72لوگ مارے جاتے تھے، بڑے بڑے President اورPrime Ministerمارے جاتے تھے۔ لوگ اٹھے، لوگوں نے دہشت گردی کے خاتمے میں حکومت کا ساتھ دیا اور وہ ختم ہو گئی۔ ابھی بھی لوگ اٹھے جب وہاں حالات خراب تھے، وہاںsecurityاداروں کو پانچ لاکھtelephone calls آئیں کہ دہشت گرد ادھر پھر رہے ہیں۔ اگر عوام ساتھ نہ دیتے، عوامirrelevantہوتے، عوام پر اعتماد نہ ہوتا، تو یہ تباہی ہو جاتی۔ لہٰذا عوام کو اعتماد میں لیے بغیر انہیں اپنی جگہوں سےdisplaceکرنا، جیسا کہ عطاالرحمٰن صاحب نے کہا کہ دس، پندرہ، یا بیس ہوں گے، تیس ہوں گے، جتنے بھی ہوں گے، لوگوں کو ساتھ ملائیں گے، وہاں کےeldersکو ساتھ ملائیں گے، وہاں کی Government کو ساتھ ملائیں گے، تو مسئلے کا حل نکلے گا، ورنہKPبھی گزشتہwar against terrorسے پہلے جو Soviet Union ہے اس وقت سے لوگ وہاںsufferکر رہے ہیں۔ وہاں ان کاsocial structure تباہ کر دیا گیا، elders قتل ہوئے، مارے گئے۔ وہاں Chechen آئے، Uzbek آئے، Uyghurآئے پتا نہیں کہاں کہاں سے لوگ آئے، پوری دنیا سے لوگ آئے۔ لہٰذا ہمیں چاہیے کہ پاکستان کو ٹھیک کرنے کی طرف لے کر جائیں۔ وہ دوا جو پہلے دل کے کسی درد کا علاج نہیں کر سکی، اس دوا کو استعمال نہ کریں۔ سیاستدان آگے آئیں، MNAآگے آئیں، MPAآگے آئیں، Senatorsآگے آئیں، علاقے کی بااثر شخصیات آگے آئیں اور ان مسائل کے حل میں پاکستان کا ساتھ دیں۔

آخری بات،International Relationsمیرا موضوع ہے بعد میں اس پر بات کرتے رہیں گے، آپ جانتے ہیں کہ دنیا میں اس وقت جو ہو رہا ہے، ایک شخص ہے وہ کہتا ہے کہ میں بہت طاقتور ہوں، جس کا نامDonald Trumpہے۔ وہ کہتا ہے کہ میرے پاسunlimited military powerہے، میں جو چاہوں گا کروں گا۔ اس نےVenezuelaکے صدر کو وہاں کے لوگوں، فوجیوں اور بعض جرنیلوں سے ملا کر اٹھا لیا۔ اب کہتا ہےGreenlandپر قبضہ کروں گا۔ کل کہہ رہا تھا کہ میں ایران پر حملہ کروں گا۔ تم ہو کون؟ آئے کہاں سے ہو؟ کیا دنیا اسی طرح چلے گی کہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس؟ ہمیں اس کے مقابلے میںstandلینا چاہیے۔ پاکستان کا ہمسایہ جمہوری اسلامی ایران، افغانستان، پاکستان کو اپنے ہمسائے ممالک کیconferenceبلانی چاہیے، بیٹھنا چاہیے، اس طرح کے معاملات کو discussکرنا چاہیے، ہم اکھٹے ہو جائیں۔ جناب چیئرمین! power shiftہوئی ہے West Asiaسے East Asiaکی طرف ، Donald Trumpپوری کوشش کر رہا ہے یہ shift of power process slowکرکے ختم کرے، یہاں بحران کھڑے کرے، سیاسی بحران، معاشی بحران، destabilizeکرے، بلخصوص Asiaکے hot pointsکو وہ Western Asia, South Asia and South China Seaہے ہمیں پاکستان کو destabilizedنہیں ہونے دینا کیونکہ پوراregion destabilizeہو جائے گا۔ لہٰذا اس وقت جو خطرات اور threatsہیں وہ صرف ایران کو نہیں ہیں۔خدانخواستہ وہ دیوار گر جاتی ہے تو اسرائیل کہاں تکexpandکرے گا، پھر کہاں تک جائے گا؟ اس لیے یہ ہماری ذمہ داری ہے پاکستانی ہمسایہ ممالک ہونے کے اعتبار سے بھی، برادر اسلامی ملک ہونے کے اعتبار سے بھی، ہم OIC کا اجلاس بلائیں۔ ابھی جتنی بھی مشکلات کھڑی ہو رہیں ہیں دیکھیں یہ بہت خطرناک صورت حالdevelopہو رہی ہے۔ ہم، سب کو بٹھائیں یا بلائیں یا ہمسایہ ممالک کا یہاں اجلاس بلائیں، Chinaکو بلائیں، Russiaکو بلائیں، Turkiyeکو بلائیں، Arabممالک کو بلائیں، Saudi Arabiaکو بلائیں اور بیٹھ کر فیصلہ کریں کہ ہم کسی کو بھی اس خطے کے اندر کسی بھی ملک پر حملہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے تاکہ اس خطے کوdestabilizeنہ کیا جاسکے۔

آخری بات، آپ بھی سید ہیں، سید علی حسینی خامنہ ای رسول پاک ﷺ کی اولاد میں سے ہیں، جو انقلاب کے عظیم رہبر ہیں، وہ چھیاسی ستاسی سال کے ہیں، فاطمۃ الزہراء اور مولا علی کا خون ان کے اندر ہے۔ وہ بھاگنے والا نہیں ہے، وہ وہاں رہے گا جیسے امام حسین نہیں بھاگے تھے، وہ بھی نہیں بھاگے گا، وہ زمانے کے فرعونوں کا مقابلہ کرے گا۔ لہٰذا ان کا دفاع کرنا اصل میں پاکستان کا بھی دفاع ہے۔ وہ ایسی دیوار بن گئے ہیں جو پاکستان کے لیے بھی ہے۔ ہمیں کوشش کرنی چاہیے کہ worldکا جو corporate media ہے، ہم اس کی باتیں نہ سنیں، خود تحقیقات کریں، ہمارے وہاں کے mediaکے ساتھ رابطے ہونے چاہیں۔ حساس دور ہے تاکہ ہم اپنے پاکستان، جہانِ اسلام اور امتِ اسلامی کی حفاظت کر سکیں Eastکی حفاظت کر سکیں اور shift of powerکا جو processہے اس میں ہمارا roleہونا چاہیے تاکہ بحران کو روکا جائے۔ مجھے امید ہے ان شاء اللہ عقل prevailکرے گی اور پاکستان میں سیاسی استحکام بہت جلد آئے گا، عمران خان بہت جلد رہا ہو گا، سیاسی قیدی رہا ہوں گے، اور ان شاء اللہ پاکستان آگے بڑھے گا، شکریہ۔

جناب چیئرمین: پہلے آپ بولیں گے، اس کے بعد اعظم سواتی صاحب بات کریں گے۔ جی رانا ثناء اللہ صاحب۔

**Senator Rana Sana Ullah Khan, Advisor on the Political Affairs**

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان (مشیر برائے سیاسی امور): جناب چیئرمین! میں محترم راجا ناصر عباس صاحب کو بطور اپوزیشن لیڈر اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس معزز ایوان کی اعلیٰ روایات کو آگے بڑھاتے ہوئے اپنا بڑا موثر اور بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے بڑے balancedاور بڑے مثبت خیالات کا اظہار کیا ہے اور اپنی گفتگو کو جہاں پر بھی وہ اختلاف کے دائرے میں لے کے گئے ہیں تو وہاں پر بھی انہوں نے اپنے الفاظ کا چناؤ بڑا بہتر کیا اور بات کو اُس limitمیں رکھا کہ جسے سنا بھی جا سکے اور جس کے اوپر بہتر انداز سے اظہارِ خیال بھی ہو سکے۔ میں اس پر بھی اُن کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس House of the Federationکی اعلیٰ روایات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اسی لہجے اور اسی اسلوب کو آئندہ بھی برقرار رکھیں گے۔

(اس موقع پر جناب پریذائیڈنگ آفیسر، سینیٹر پرویز رشید کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر رانا ثناء اللہ خان: اُنہوں نے politically اور سیاسی طور پر اپنے نظریے اور اپنی سوچ کے حوالے سے جو بات کی ہے، اس کو بھی میں confront نہیں کرنا چاہتا۔ میں اسے کم از کم آج تو بالکل confront نہیں کروں گا تاکہ جو ماحول آج چیئرمین صاحب کے آفس میں ملاقات ہوتے ہوئے وجود میں آیا اور پھر اُس کا مظاہرہ House میں بھی ہوا، اُسے برقرار رکھا جانا چاہیے۔ میں ضرور یہ تجویز کروں گا اور تجویز کے طور پر میں یہ عرض کروں گا کہ انہوں نے جن مختلف باتوں کا حوالہ دیا اور اُس کے بعد انہوں نے دو points پر آکے اپنی بات کو qualify کیا ہے۔ ایک تو انہوں نے کہا کہ جو آٹھ فروری کو ہوا اور جب ووٹ کا احترام نہیں ہوا اور لوگوں کے فیصلے کو کارگر اور مؤثر نہیں ہونے دیا گیا تو اس وجہ سے جو معاملہ ہے، وہ آگے کیسے بڑھ سکتا ہے۔

میں اُن کی اس بات کو confront یا جواب دینے کی بجائے یہ تجویز اور یہ عرض کروں گا کہ آپ کا جو موقف آٹھ فروری سے متعلق ہے، کیا یہ اس ملک میں پہلی دفعہ ہوا ہے؟ کیا یہ پہلی دفعہ ہے کہ الیکشن میں کامیاب نہ ہونے کی وجہ سے opposition نے یہ موقف اختیار کیا ہے۔ اس سے پہلے 2018 کے الیکشن میں جب ہم آپ کی سیٹوں پر موجود تھے تو ہمارا بھی ایک موقف تھا اور اس وقت بھی آپ کے علم میں ہوگا اور یقیناً آپ کی نظر سے یہ ساری چیزیں گزریں ہوں گی کہ پچیس جولائی 2018 کو جو الیکشن ہوا، اُس سے پہلے کیا کچھ ہوا۔ اُس سے پہلے جنوبی پنجاب میں ایک جنوبی پنجاب محاذ بنا تھا اور اُس محاذ میں پھر کچھ لوگوں کو وہاں پر اکٹھا کیا گیا تھا جنہوں نے وہاں بڑی تند و تیز تقاریر کیں۔ اُس کے بعد بالکل آپ نے صحیح لفظ استعمال کیا کہ وہ دولے شاہ کے چوہے ہی تھے لیکن اُن چوہوں کو پھر یہاں اسلام آباد میں ایک جگہ پر لاکے اُن کو جھنڈے کے پٹکے پہنائے گئے اور اُس کے بعد جو RTS بٹھایا گیا اور اُس کے نتیجے میں جس طرح سے آپ کا ایک مؤقف ہے بالکل اُس طرح اُس وقت کی اپوزیشن کا بھی یہ مؤقف تھا کہ پینتالیس سیٹوں کے result کو تبدیل کرکے کسی جماعت کو اکثریت میں لایا گیا اور اُس کو کامیاب کروا کے حکومت دی گئی ہے۔

اگر ہم انہی باتوں پر کھڑے رہیں گے اور آپ اُس بات سے آگے نہیں بڑھیں گے کہ جی آٹھ فروری کو جو ہوا بس اُس سے آگے یا پیچھے ہم نے کوئی چیز نہیں دیکھنی تو پھر 2018 پر بھی بات ہوتی رہے گی۔ آج جو ہمارے اپوزیشن کے معزز اراکین یہاں پر موجود ہیں، میں انہیں اپوزیشن لیڈر کی وساطت سے یہ کہتا ہوں کہ آئیں، نہ آپ اُس مؤقف کی تائید کر سکتے ہیں جو 2018 کے الیکشن

میں ہم نے اختیار کیا تھا اور نہ آپ اپنی بات کو منوا سکتے ہیں تو ہم اس بات پر کیوں نہ متفق ہوں کہ پاکستان میں free and fair elections کے حوالے سے جو معاملات ہیں، وہ اس طرح سے نہیں ہیں کہ جس پر پورا اعتماد کیا جا سکے۔ اس قسم کے الزامات پر دونوں اطراف سے نہ کوئی جیتنے والا اور نہ کوئی ہارنے والا ہے۔ اگر ہم اس بات پر متفق ہو جائیں تو پھر ہمیں بیٹھنا چاہیے اور بیٹھ کے ان معاملات پر غور کرتے ہوئے ہمیں اُس system کو بہتر کرنا چاہیے۔ وہ system جس کے تحت ایسے الیکشن ہوتے ہیں جو بعد میں پھر ایک طرف کے الزامات اور دوسری طرف کے دفاع کی نظر ہو جاتے ہیں۔ تو اُس پر بیٹھ کے بات کی جا سکتی ہے۔ الیکشن رولز پر بات ہو سکتی ہے، الیکشن کمیشن پر بات ہو سکتی ہے۔ جب 2018 کے الیکشن کے بعد ہم پارلیمان میں آئے تو اُس وقت ہم نے بھی یہی احتجاج کیا تھا کہ جناب بڑی زیادتی ہوئی ہے، بڑی دھاندلی ہوئی ہے، جناب! اس پر enquiry کروائی جائے اور کمیشن بنایا جائے۔ تو اس وقت ہمیں کیا جواب دیا گیا تھا کہ جی اب آپ system میں داخل ہو چکے ہیں، اب آپ اس پارلیمان کا حصہ بن چکے ہیں، اب آپ نے Leader of the Opposition کی responsibility سنبھال لی ہے تو اب آپ کو اس نظام کے تحت جو remedies available ہیں، انہیں کو اپنائیں۔ اگر آپ زیادہ کہتے ہیں تو پھر ہم ایک پارلیمانی کمیشن بنا دیتے ہیں۔

ہم نے اس پر بھی اتفاق کیا۔ ہم نے کہا کہ جی ٹھیک ہے، پارلیمانی کمیشن بنا دیں۔ وہ پارلیمانی کمیشن بنا۔ اُس کے سربراہ پرویز خٹک صاحب تھے۔ اُس کا ایک اجلاس ہوا لیکن اُس کے بعد جب بھی ہم نے اُن سے مطالبہ کیا، demand کیا کہ جی اُس کا اجلاس بلائیں تو وہ ایک ہی لفظ کہتے تھے کہ خان اجازت دے گا تو اجلاس بلاؤں گا اور خان نے اجلاس بلانے کی اجازت نہیں دی ہے۔ تو معاملہ یہ ہے کہ پھر یہ چیزیں چار سال تک چلیں۔ اس وقت بھی جیلوں میں بے گناہ لوگ تھے۔ اس وقت بھی سیاسی قیدی تھے لیکن کیا اُن کو کبھی سیاسی قیدی تسلیم کیا گیا بلکہ ان کے متعلق تو ایک narrative بنانے کی کوشش کی گئی کہ یہ تو سارے چور ہیں، یہ تو سارے ڈاکو ہیں اور یہ تو سارے منشیات کے سمگلر ہیں جو پوری دنیا میں supplies کرتے ہیں لیکن پھر وہ بات ثابت نہ ہو سکی۔

آج کی عدالتوں کے متعلق محترم Leader of the Opposition نے بات کی ہے۔ اُس وقت کی عدالتوں سے بھی کس کو انصاف کی توقع تھی؟ اُس وقت کی عدالتوں کے جو جج

صاحبان تھے، اُن کی videos اور ان کے بیانات کہ ہمیں کس طرح سے مجبور کیا گیا کہ میاں نواز شریف کو اور اُس کی بیٹی کو آپ نے سات سال سے کم قید نہیں سنانی۔ اُس وقت بھی یہ ساری چیزیں ہوتی رہیں۔ یہی عدالتِ عظمیٰ جس کے متعلق آج یہ بڑے درد دل سے کہا جا رہا ہے کہ جی شاید اُن کے ساتھ پتا نہیں کیا حشر ہو گیا ہے، اسی عدالتِ عظمیٰ نے اُس وقت ایک ایسا فیصلہ دیا تھا کہ جی آپ تنخواہ لے سکتے تھے، آپ نے لی تو نہیں۔ لیکن کیونکہ لے سکتے تھے، لہٰذا آپ نااہل ہیں اور وزارتِ عظمیٰ کی کرسی سے آپ کو ہٹایا جاتا ہے، نکالا جاتا ہے اور آپ وزیرِ اعظم ہاؤس چھوڑ کے گھر جائیں۔ اُس وقت بھی عدالتوں سے ایسے فیصلے آتے رہے ہیں۔ معاملہ یہ ہے کہ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ سیاستدانوں کو سیاست کرنی چاہیے جس طرح سے آپ نے اس election کے point کے بعد آخر میں جو بات فرمائی ہے۔ میں بالکل سو فیصد آپ کی اس بات سے متفق ہوں کہ سیاست سیاستدانوں کو کرنی چاہیے۔ سیاستدانوں کو مل بیٹھنا چاہیے۔ سیاستدانوں کو سیاسی معاملات سیاسی انداز میں resolve کرنے چاہئیں۔ میں محترم قائدِ حزبِ اختلاف کی خدمت میں عرض کروں گا کہ نوے کی دہائی میں دو سیاسی جماعتوں نے وہ لڑائی جو غالباً سن ستر سے شروع ہوئی تھی اُس کو لڑتے لڑتے نوے کی دہائی گزر گئی اور پھر آخر میں انہوں نے فیصلہ کیا کہ سیاستدانوں کو مل بیٹھنا چاہیے۔ سیاستدانوں کو ایک دوسرے کا گریبان نہیں پکڑنا چاہیے۔ سیاستدانوں کو سیاسی معاملات بیٹھ کے طے کرنے چاہئیں۔ انہوں نے ایک Charter of Democracy کیا۔ اس Charter of Democracy میں اس ملک کی تمام سیاسی جماعتوں نے sign بھی کیے اور وہاں پر اس بات پر متفق بھی ہوئے۔

اس کے بعد پھر کس نے کم از کم آٹھ دس سال ایک ہی منترہ شروع کیا اور اسی پر زور دیا کہ میں چھوڑوں گا نہیں۔ میں اس کو بھی نہیں چھوڑوں گا۔ میں اس کو بھی نہیں چھوڑوں گا۔ کیا سیاستدان جب حکومت میں ہوتے ہیں، چلیں 2013 کا election تھا ویسے تو پاکستان میں جتنے بھی elections ہوئے ہیں وہ آٹھ فروری کو ہوا یا پچیس جولائی کو ہوا یا 2013 میں ہوا ہو یا 2007 میں ہوا، چلے جائیں آپ ستر تک، تو ہر election کے متعلق کوئی نہ کوئی اعتراض، کوئی نہ کوئی معاملہ اٹھا۔ لیکن معاملہ یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ سیاستدانوں کو سیاست کرنی چاہیے اور سیاستدانوں کا ساتھ دینا چاہیے۔ کیا یہ long marches کیا تین، تین، چار، چار ماہ کے دھرنے

جو ہیں، یہ سیاستدانوں کے خلاف establishment دیتی ہے؟ کیا establishment آ کے دھرنے میں بیٹھتی ہے؟ دھرنے میں تو سیاستدان ہی بیٹھتے ہیں۔ سیاستدان ہی وزیرِاعظم ہاؤس کے باہر کھڑے ہو کے تقریر کرتے ہیں دوسرے سیاستدان کے خلاف کہ میں تمہیں گریبان سے پکڑ کے گھسیٹ کے وزیرِاعظم ہاؤس سے نکالوں گا تو یہ معاملات یہاں پر ہوئے ہیں یہ یہاں پر ہوتے رہے ہیں۔ اس کے باوجود پھر ایسا اظہار بھی ہوتا رہا ہے کہ ایک دن دو صاحبان وزیرِاعظم ہاؤس کے باہر کھڑے تقریر کر رہے تھے کہ ہم وزیرِاعظم کو گریبان سے پکڑ کے گھسیٹ کے باہر نکالیں گے۔

اگلے دن APS کا پشاور میں واقعہ ہو گیا، تیسرے دن وہی شخص وہی سیاستدان، جس کو گریبان سے پکڑ کے گھسیٹ کے نکالنے کی بات ہو رہی تھی وہ انہیں فون کر رہا تھا کہ خان صاحب ملک میں یہ معاملہ ہو گیا ہے۔ ہماری ضرورت ہے ملک کو ہمیں مل بیٹھ کے بات کرنی چاہیے۔ آپ تشریف لائیں ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کے اس کے اوپر غور و فکر کرنا چاہتے ہیں، اس کے اوپر بیٹھ کے بات کرنا چاہتے ہیں۔ اگر اس بات میں پڑے رہیں کہ یہ پہلے ہو، بعد میں یہ ہوگا، پہلے میں یہ کہوں کہ راجہ ناصر عباس صاحب یہ کریں تو اس کے بعد پھر میں یہ کروں گا تو اس طرح سے معاملات کبھی بھی نہ آگے بڑھے ہیں، نہ کبھی ان میں کوئی نتیجہ پیدا ہوا ہے۔ ایک ہی سانس میں آپ یہ بات کرتے ہیں کہ سیاستدانوں کو مل بیٹھنا چاہیے اور مل بیٹھ کے بات کرنی چاہیے۔ دوسرے ہی لمحے آپ یہ کہتے ہیں کہ آپ کے پاس تو ہے ہی کچھ نہیں۔ آپ کے ساتھ کس طرح سے بات کی جائے۔ آپ کے ساتھ کیوں بیٹھا جائے۔

اگر سیاستدانوں نے آپس میں بیٹھنا نہیں ہے ان issues کے اوپر بیٹھ کے بات نہیں کرنی، آپ کا ایک اپنا موقف ہے۔ آپ کا ایک موقف عدلیہ سے متعلق ہے۔ آپ کا ایک موقف cases سے متعلق ہے۔ آپ کا ایک موقف political prisoners سے متعلق ہے۔ آپ کا ایک موقف عدلیہ کی آزادی سے متعلق ہے۔ ایک موقف ہمارا بھی ہے کہ آئیں بیٹھیں اس کے اوپر بیٹھ کے بات کریں۔ جہاں سے آپ شروع کرنا چاہتے ہیں آپ کریں۔ وزیرِاعظم پاکستان میاں شہباز شریف صاحب نے on the floor of the House opposition کو offer کی کہ آئیں بیٹھیں ہمیں آپس میں بات کرنی چاہیے۔ انہوں نے کوئی condition نہیں لگائی کہ پہلے آپ یہ کریں اور اس کے بعد وہ کریں تو پھر میں آپ کے ساتھ بات کروں گا۔

جس دن budget pass ہوا اُس دن وہ آپ کی opposition کی سیٹوں پر تشریف لے گئے۔ سلام دعا کی اور اس کے بعد اُن کو کہا کہ ہمیں dialogue کرنا چاہیے، ہمیں بیٹھنا چاہیے۔ انہوں نے یومِ آزادی پر کہا کہ آئیں بیٹھیں میثاق استحکامِ پاکستان کریں ہمیں پہلے پاکستان کی بات کرنی چاہیے۔ آپ نے آج پاکستان سے اپنی محبت اپنی commitment اپنے خاندان کی جن روایات کا ذکر کیا ہمیں ان کی بے پناہ قدر ہے۔ آپ کی پاکستانیت اور آپ کی حب الوطنی پر سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ کسی کو بھی کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو یا شک ہو۔ ہم سمجھتے ہیں کہ آپ بھی اتنے ہی محبِ وطن ہیں جتنے ہم ہیں۔ سیاسی طور پر ایک آپ کی اپنی سوچ ہے ہماری سوچ ہے۔ آپ کے گلے شکوے اب کے ہیں، ہمارے بھی کل کے ہیں۔ بیٹھ کر اس کے اوپر بات ہو اور اس کے بعد یقیناً راستہ نکل سکتا ہے، جس میں سیاستدان معاملات کو آگے لے کے چل سکتے ہیں۔

میں آخر میں Leader of the Opposition اور معزز opposition کے ممبران کی خدمت میں ان کی وساطت سے یہی عرض کروں گا کہ جو بھی صورت حال ہے، مشکلات ہیں جو مسائل ہیں وہ politically, financially ہیں یا وہ otherwise ہیں ان کا راستہ اس Parliament سے ہی نکلے گا۔ اُن کا راستہ اس وقت ہی نکلے گا جب آپ table پر بیٹھیں گے۔ آپ یاد کریں کہ اُن دنوں میں جب tension عروج پر تھی آپ اسمبلیاں توڑنے حکومتیں توڑنے اور election کو ہر قیمت پر مئی میں کروانے کے درپے تھے۔ اُس وقت دونوں فریقین کے درمیان کوئی commonality نہیں تھی۔ اس کے باوجود جب دونوں طرف سے لوگ بیٹھے تو election کی تاریخ کا بھی فیصلہ ہو گیا تھا، تعین ہو گیا تھا۔ آپ کے جو لوگ اُس وقت اس committee میں موجود تھے، اُن میں قریشی صاحب بھی تھے باقی دوست بھی تھے، آپ اُن سے پوچھ سکتے ہیں۔ اُس فیصلے کو بعد میں پھر کیوں implement نہیں ہونے دیا گیا یا اُس کو اُس سے پھر کس طرف نے انکار کیا؟

یہ ساری چیزیں table پر بیٹھ کر ہو سکتی ہیں اور یہ سیاستدان جب بیٹھیں گے dialogue کریں گے تو اُسی وقت یہ چیزیں آگے بڑھیں گی اور راستہ Parliament سے ہی نکلے گا۔ لیکن ہمیں اس بات پر متفق ہونا چاہیے کہ ہاں ہمارے system میں جو مسائل ہیں، انہیں دور کرنے کے لیے ہمیں آپس میں بیٹھ کے وہ راستہ نکالنا چاہیے۔ ایسا نہیں کہ میں کہوں کہ جو اٹھارہ

میں ہوا تھا پہلے اُس کا حساب کریں اور پھر ہم آگے بڑھیں۔ آپ کہیں پہلے ہمارے ساتھ یہ آٹھ فروری کا حساب کریں پھر آگے بڑھیں گے۔ میرا خیال ہے کہ ہمیں اب آگے بڑھنا چاہیے اس Parliament سے اور آپس میں بیٹھ کے راستے کو نکالنا چاہیے۔

میں امید کرتا ہوں کہ Leader of the Opposition National Assembly and Leader of the opposition Senate میں یہ تقریریاں ہونے سے معاملات بہتری کی طرف بڑھیں گے۔ دونوں صاحبان سے میں امید کرتا ہوں کہ یہ جتنے محبِ وطن ہیں senior ہیں، معاملہ فہم ہیں اور معاملات کو آگے بڑھانے کی جرأت بھی رکھتے ہیں، اتنی اہلیت اور حکمت بھی رکھتے ہیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے آنے سے ہمارا سیاسی ماحول آگے جاکے بہتری کی طرف جائے گا۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: راجا صاحب آپ کے لیے میری نیک خواہشات ہیں، آپ ایک مدبر، سلجھے ہوئے، تجربہ کار سیاستدان ہیں، آپ کی یہاں موجودگی ان شکایات، ان حالات و واقعات جن سے یہ ایوان گزرتا ہے، جس سے ہم سب کو، پاکستان کے عوام کو مسرت اور خوشی محسوس نہیں ہوتی۔ اس ایوان کو سنجیدگی سے چلانے میں اور جمہوری راستے پر دوبارہ واپس لانے میں آپ کا تعاون اور آپ کی رہنمائی ہمیں حاصل رہے گی۔ میں پارلیمانی لیڈر علی ظفر صاحب سے درخواست کرتا ہوں چونکہ بہت سارے لوگ گفتگو کرنا چاہتے ہیں، وقت بہت زیادہ ہو چکا ہے، اگر آپ مناسب سمجھیں کہ آج دونوں اطراف سے دو دو لوگ اپنے خیالات کا اظہار کرلیں اور پھر باقی لوگ اگلے اجلاس میں اپنی بات کرلیں۔ سینیٹر سید علی ظفر: جناب والا! یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ میرے call attention notice کو Friday پر لے جائیں، اس پر Friday کو بحث کرلیں گے۔ میں نے اُس پر بیس منٹ بات کرنی ہے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی درست ہے۔ سرمد صاحب! اگر آپ بھی اجازت دیتے ہیں تو آپ کا agenda بھی Friday کو لے لیں گے۔

سینیٹر سرمد علی: جی ٹھیک ہے، ابھی تو کوئی وزیر ہے بھی نہیں جو جواب دے سکے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سواتی صاحب کی چونکہ پہلے سے request آئی ہوئی ہے۔ جی سواتی صاحب۔

**Senator Mohammad Azam Khan Swati**

**سینیٹر محمد اعظم خان سواتی:** بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ اِیَّاکَ نَعبُدُ وَ اِیَّاکَ نَستَعِینُ۔ جناب چیئرمین! آپ نے جس طرح کرسی پر بیٹھ کر چند جامع الفاظ کے اندر خطاب کیا، اس سے پہلے علامہ ناصر عباس صاحب اور رانا ثناءاللہ صاحب نے جتنی طویل گفتگو کی اور وہ تمام عوامل جس سے آپ، میں اور میرا ملک متاثر ہو رہا ہے، وہ بیان کیے۔ میں دل کی گہرائیوں سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور آج میں صرف انتہائی اختصار کے ساتھ political reconciliation پر بات کروں گا، جس کی مجھے میرے لیڈر نے 2nd April, 2025 کو جیل کے اندر اجازت دی تھی لیکن بدقسمتی سے اندرونی اور بیرونی عوامل، میرا خیال ہے کہ پاکستان کا بچہ بچہ ان عوامل کو جانتا ہے۔ اس بات چیت کو deal کے نام سے derail کیا گیا اور آج حالت یہ ہے کہ آٹھ، نو مہینوں کے بعد میرے خان نے اچکزئی صاحب اور علامہ ناصر صاحب کو وہی فرض سونپا ہے، جس پر آج رانا صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ بات کی، علامہ صاحب نے بڑی تفصیل کے ساتھ بات کی، یہ ہماری شہ رگ ہے، اس پر چل کر ہم ان ایوانوں کی قدر کو آگے بڑھا سکتے ہیں۔ اگر آج کا دن نہ ہوتا میں تقریر نہ کرتا۔ اس لیے کہ 2003 سے لے کر ملکی اور ملی معاملات پر میں نے ہمیشہ بلاخوف وخطر بات کی اور اس کی قیمت بھی ادا کی لیکن آج سے پہلے، میں اس ایوان کے دونوں اطراف سے کہتا ہوں کہ جو مشکل چیز سچ کہنا اور سچ بولنا، اتنا کٹھن اور معیوب تھا، اس کے متعلق میں کہہ سکتا ہوں کہ؛

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں، بیگانے بھی نہ خوش
میں زہرِ ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

جناب والا! ہماری بدقسمتی ہے کہ آج ہم نے سیاستدانوں کو ایسے چوراہے پر لا کر کھڑا کر دیا ہے کہ جہاں ہمیں ایک دوسرے پر اعتماد نہیں، ہمیں ایک دوسرے کو برداشت کرنے کی قوت نہیں، جہاں یہ حالت ہے، دوسری طرف ہمارا ملک اندرونی اور بیرونی خطرات سے اس طرح جکڑا ہوا ہے، ہمیں سامنے نظر آرہا ہے کہ ہم کس طرف جا رہے ہیں۔ میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں اس لیے کہ میرا سارا business America کے اندر ہے، میں وثوق سے کہتا ہوں کہ ہم جس ہاتھی پر چڑھنے کے لیے جا رہے ہیں وہ تھوڑی دیر کے لیے تو آپ کو چڑھنے دے گا، سواری کرنے دے گا لیکن اس کے بعد وہ اس کو اپنے پاؤں کے نیچے روندے گا، جس طرح اس نے صدام کو روندا، جس کو Middle

East کا سب سے بڑا iron leader کہا تھا، اس کو ایران پر چڑھایا، اسے کویت پر چڑھایا اور آخر میں اس کا اختتام پھانسی کے تختے پر کیا۔ لیبیا کو دیکھیں، شام کو دیکھیں، ہم کیوں بھول گئے کہ ہمارا جینے مرنے کا ساتھی یا تو ہمارے مسلمان ممالک ہیں یا اس خطے میں چین ہمارا ساتھی ہے، جس پر ہمارا جینا مرنا شامل ہے۔ اگر ہماری شہ رگ کشمیر ہے تو ہماری شہ رگ ایران بھی ہے، جب غلطی کریں گے تو پھر بہت دیر ہو جائے گی، ہم پہلے ہی مشرقی پاکستان کو کھو چکے ہیں۔

جناب والا! میں نے وعدہ کیا ہے کہ میں اختصار کے ساتھ بات کروں گا۔ دیکھ لیں عمران خان ایک حقیقت ہے، جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہے، اس کے اصلی، میں پھر کہتا ہوں کہ اس کے اصلی رفقائے کار جیلوں کی سلاخوں کے پیچھے ہیں، کچھ جو ان ایوانوں کے اندر بیٹھے ہوئے تھے، انہیں پانچ سے چالیس سال تک سزا ہو چکی، انہیں سینیٹ، قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی سے نکالا جا چکا ہے اور کچھ میری طرح پاکستان کے طول و عرض میں 104 مقدمات کا سامنا کر رہے ہیں۔ میں ان سب کو سلامِ عقیدت پیش کرتا ہوں اس لیے کہ ہماری حقیقی آزادی کے لیے، اس ایوان کی آزادی کے لیے وہ لڑ رہے ہیں۔

جناب والا! میں فیصلہ سازوں سے ایک سوال کرتا ہوں، حکومت سے، اپنے آپ سے اور جناب چیئرمین خاص طور پر آپ سے بھی، اس لیے کہ مدبر ہیں، اس لیے کہ آج اس ایوان کے منصف ہیں، میں نے مان لیا کہ عمران خان اس hybrid نظام کے لیے بہت بڑا خطرہ ہے لیکن میں ان فیصلہ سازوں سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ پاکستان جس بحران کے اندر مبتلا ہے کیا اسی بحران کے اندر اسے چھوڑنا عقلمندی اور دانشمندی ہے؟ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ نہیں، اس لیے کہ یہ ملک بڑی قربانیوں کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ کے نام پر حاصل کیا گیا۔ مجھے فیصلہ سازوں کی حب الوطنی پر کوئی شک نہیں لیکن آج ایک سوال ان کے لیے چھوڑتا ہوں جو حقیقت پر مبنی ہے کہ آئیں ہم سب کو بٹھا کر ایک سمت کا تعین کریں، آپ ایک دوسرے کو گلے لگانے میں پہل کریں، قانون اور آئین میں پہل کریں، پھر دیکھیں میرا پاکستان اور اس کی منزل کتنے قریب آتی ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی چشتی صاحب۔ جی سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب۔ چشتی صاحب، آپ مہربانی کرکے صرف دو تین منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: جناب میں ایک منٹ میں بات مکمل کر لوں گا۔ ویسے بھی لوگ کراچی والوں کی نہیں سنتے ہیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی آپ فرمائیں۔

**Senator Amir Waliuddin Chishti**

سینیٹر عامر ولی الدین چشتی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! بہت شکریہ، کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ چونکہ میں اس بدنصیب شہر کا، بلکہ اس لاوارث شہر کا بلکہ میں کیا کہوں کہ میں جس شہر کا باسی ہوں مجھے خود شرمندگی ہوتی ہے۔ وفاقی حکومت اسے own نہیں کرتی، Prime Minister صاحب وزیراعلیٰ کو فون کر دیتے ہیں کہ دیکھیں اور رپورٹ پیش کریں۔ Chief Minister صاحب 24 گھنٹوں کے بعد سانحہ گل پلازہ پر آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس کے بعد میئر کراچی چوبیس گھنٹے بعد شہر میں آتے ہیں۔ آج میرا گلہ اپوزیشن لیڈر سے بھی ہے کہ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کی ایک کمیٹی بنادی جائے جو پورے ملک میں سفر کرے اور جا کر دیکھے کہ کیا حالات چل رہے ہیں۔ انہوں نے بلوچستان کا بھی تذکرہ کیا، یہاں تک کہ وہ اندرون سندھ بھی چلے گئے لیکن کراچی شہر جو کہ جل رہا ہے، اور وہ صرف شہر نہیں جل رہا بلکہ ہمارا دل بھی جل رہا ہے۔ میں پہلے بھی تقریر کرتا رہا، ایک زمانے میں مجھے بڑی خوشی ہوتی تھی جب میں کہتا تھا کہ عروس البلاد، روشنیوں کا شہر، financial capital آج وہ شہر خون کے آنسو رو رہا ہے لیکن اس معزز ایوان میں کسی ایک شخص نے کراچی شہر کے بارے میں بات نہیں کی۔ کل ہم نے ہی کھڑے ہو کر کہا کہ بھائی کم از کم اس شہر کے لیے دعا ہی کر لیں، پھر اس پر دعا کی گئی جبکہ ہونا یہ چاہیے کہ اس لاوارث شہر جو کہ پورے ملک کو پال رہا ہے، %65 ہم وفاق کو دیتے ہیں، %95 ہم پورے سندھ کو دیتے ہیں لیکن اس لاوارث شہر کو کوئی پوچھنے کو تیار نہیں ہے۔

میں تقریر کروں گا، اس کے بعد شاید اور لوگ بھی تقریر کر لیں، میری ہاں میں ہاں ملا لیں، اگر کسی کا ضمیر زندہ ہے تو وہ اس شہر کی اور میری ہاں میں ہاں ملا دے گا۔ میں جو کر سکتا ہوں بلکہ میں نے آج اپنی قیادت کو جذباتی ہو کر اظہار بھی کیا ہے کہ ایسے اتحاد میں رہنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے جس سے ہم اپنی عوام کو کم از کم جینے کا حق ہی دے سکیں۔ ان کے جو اور حقوق ہیں وہ تو دے نہیں پا رہے، میں نے آج بڑے پرزور طریقے سے اپنی قیادت سے کہا ہے کہ ہمیں اس اتحاد سے نکل جانا

چاہیے اور ہمیں سڑکوں پر آ جانا چاہیے کیونکہ یہ شہر، یہاں کے حکمران صرف اور صرف سڑکوں کی زبان سمجھتے ہیں اور آپ یہ اچھی طرح سے جانتے ہیں کہ وہ زبان ہمیں بہت اچھی طرح آتی ہے لیکن ہم احتیاط کر رہے ہیں۔ آخر میں صرف ایک مصرع کہنا چاہتا ہوں شاید آپ میری بات مان جائیں کہ کم از کم سانحہ گل پلازہ کے لیے اس معزز ایوان سے ایک منٹ کا وقت مل جائے، اس سانحہ کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی جائے، شاید آپ میری اور کراچی کے اس مظلوم سینیٹر کی بات مان جائیں۔ بہت شکریہ۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: چشتی صاحب، کل دعا کر لی گئی تھی۔ ایک منٹ کی خاموشی اختیار کر لیتے ہیں، مجھے اصل میں آپ کی flight کا بھی خیال ہے کیونکہ آپ فرما رہے تھے کہ تین بجے آپ کی flight ہے۔ بہرحال ایک منٹ کی خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔ تشریف رکھیں، ایک منٹ کی خاموشی اختیار کر لیتے ہیں۔

(اس موقع پر ایوان میں ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی)

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب، آپ کی بات کو register کر لیا گیا ہے۔

**Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs**

ڈاکٹر طارق فضل چوہدری (وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور): شکریہ، جناب چیئرمین کہ آپ نے مجھے وقت دیا۔ جناب گزارش یہ ہے کہ مجھے سینیٹر صاحب کے لیے بہت احترام ہے اور آپ کی اتحادی جماعت، ان کے لیے اور آپ کی قیادت کے لیے۔ آپ نے الیکشن سے پہلے unconditional ہماری جماعت کے ساتھ اور ہماری قیادت کے ساتھ support کا اعلان کیا، اس لیے ہم آپ کی دل سے قدر کرتے ہیں لیکن آپ نے ایوان میں آج جو بات کی ہے اس بابت قطعی طور پر وفاقی حکومت اس معاملے میں نہ تو کسی حوالے سے لاتعلق ہے اور نہ اس حوالے سے non-concerned ہے۔ یہ بالکل نہ سمجھا جائے۔ بنیادی طور پر اس طرح کے جو حادثات ہوتے ہیں پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات سب کو محفوظ رکھے، اس میں ظاہر ہے کہ زیادہ تر ذمہ داریاں صوبائی حکومت کی ہوتی ہیں، ہم نے کل بھی یہ بات کی تھی، میں آج بھی یہ بات کر رہا ہوں کہ بنیادی طور پر دو ایسے مواقع ہوتے ہیں جہاں پر اس طرح کے حادثات سے

بچا جا سکتا ہے یا اگر حادثہ رونما ہو تو اس کے جو نقصانات ہیں انہیں کنٹرول کیا جا سکتا ہے، damage control کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہیں کہ سب سے پہلے جب اس طرح کی buildings بنائی جاتی ہیں تو building control اور اس کے ساتھ ان کے اندر جو حفاظتی اقدامات ہیں اور جو کسی ایمرجنسی کی شکل میں safe exit ہو سکتے ہیں ان راستوں کو یقینی بنانا اور پھر انہیں ہمیشہ فعال رکھنا کیونکہ ہوتا یہ ہے کہ جب اگر Housing Societies بنتی ہیں تو پہلے ان کے نقشے پر وہاں پر قبرستان اور کھیلوں کے میدان بھی ہوتے ہیں لیکن جب وہاں تمام پلاٹ بک جاتے ہیں تو پھر قبرستان اور پارک کو بھی پلاٹوں کی شکل میں بیچ دیا جاتا ہے۔ End تک ان safety measures کو ensure کرنا یہ بھی administration and Provincial Government کی ذمہ داری ہے۔ یہ بات بالکل واضح ہے۔

اس کے بعد جب خدانخواستہ اس طرح کا کوئی حادثہ ہو جاتا ہے، ان تمام تر حفاظتی تدابیر کے بعد بھی تو پھر جو صوبائی محکمے اور administration ہے ان کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ جلد از جلد بغیر کسی تاخیر کے وہاں پر جو مدد ہے وہ پہنچ سکے، آگ بجھانے کی گاڑیاں یا دیگر جو آلات ہوتے ہیں اس طرح کی ایمرجنسی صورت حال سے نمٹنے کے لیے فوری طور پر وہاں پہنچانا یہ ان کی ذمہ داری ہے، یہ بات ہم برملا کرتے ہیں۔ وفاقی حکومت کا اس میں کسی بھی حوالے سے جو کردار ہو گا وہ ہم ادا کریں گے، پہلے بھی کرتے رہے ہیں اور اس واقعہ میں جتنی بھی قیمتی جانوں کا نقصان ہوا ہے ہم ان کے دکھ میں بھی ان کے خاندانوں کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ وہاں پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کی جو leadership ہے وہ ان خاندانوں کے ساتھ اظہار یک جہتی کے لیے گئی ہے اور مزید بھی جائیں گے اور وفاقی حکومت کے کردار کو آپ ان شاءاللہ تعالیٰ اس issue پر ہمیشہ انتہائی sensitive and productive پائیں گے۔ شکریہ جناب۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی راجا صاحب۔

**Senator Raja Nasir Abbas (Leader of the Opposition)**

سینیٹر راجہ ناصر عباس (قائد حزب اختلاف): سینیٹر عامر ولی الدین چشتی صاحب کا اعتراض بجا ہے کہ مجھے گفتگو کرنی چاہیے تھی اور ذکر کرنا چاہیے تھا۔ میں ویسے پرسوں رات کو وہاں گیا تھا، کافی دیر میں وہاں رہا، اپنی آنکھوں سے جلتی ہوئی عمارت کو دیکھ کر آیا ہوں، وہ گر بھی رہی ہے اور جو بہت بڑا

المیہ ہے۔ بہت زیادہ لوگ ابھی بھی اس میں missing ہیں، شاید ان کی جانیں چلی گئی ہیں، اس طرح کی صورت حال لگ رہی ہے اور عجیب یہ ہے کہ بلڈنگ دو دنوں سے جل رہی ہے اور وہ آگ نہیں بجھ رہی ہے اور جیسا کہ وزیر صاحب نے کہا کہ جب کبھی اس طرح کی building بنتی ہے، اس میں 1200 کے قریب دکانیں تھیں، بہت زیادہ جانی اور مالی نقصان بھی ہو گیا ہے۔ اس طرح کی buildings ہوتی ہیں ان کی حفاظت کے measures پورے لینے پڑتے ہیں، وہاں پر fire extinguisher ہوتے ہیں، راستے ہوتے ہیں، update رہنا چاہیے، وہاں پر میونسپلٹی کو visit کرنے چاہیئیں، دیکھنا چاہیے وہاں پر بلدیہ ہے یا کوئی بھی محکمہ ہے۔ گل پلازہ پر ہر قسم کی چیزیں ملتی تھیں اور سستے داموں اچھی چیزیں مل جاتی تھیں اور لوگ وہاں جاتے تھے اور ہر چیز مل جاتی تھی، وہ بہت بڑا اقتصادی مرکز تھا، واقعتاً اس کا دکھ اور افسوس بھی ہے۔ میں خود چشتی صاحب وہاں گیا ہوں، وہاں ان کے لیے فاتحہ بھی پڑھی ہے اور کوشش نہیں کی ہے کہ وہاں پر ہم political scoring کریں، اس کو ڈانٹیں، اس کو ڈانٹیں، اس کو کہیں، چونکہ جب ایک طرف لوگ مر رہے ہوتے ہیں وہاں پر اچھا نہیں لگتا ہے کہ ہم وہاں پر بیٹھ کر سیاسی باتیں شروع ہو جائیں لیکن یہ ہے کہ وہاں پر negligency ہوئی ہے، incompetency نظر آئی ہے اور اس کا ازالہ ہونا چاہیے اور اس کی باقاعدہ تحقیقات ہونی چاہیے اور جس کی بھی کوتاہی ہے اس کو سزا بھی ملنی چاہیے تاکہ آئندہ اس طرح کی مشکلات سے بچا جا سکے۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: سینیٹر محسن عزیز۔

**Senator Mohsin Aziz**

سینیٹر محسن عزیز: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ میں صرف چند منٹ لوں گا دو تین منٹ لیتا ہوں کیونکہ اب وقت بھی کافی ہو گیا ہے۔ میں صرف یہ کہنا چاہوں گا کہ راجہ ناصر عباس صاحب لیڈر آف اپوزیشن آج منتخب ہوئے ہیں، مقرر کیے گئے ہیں ان کو مبارک باد دیتا ہوں اور ہاؤس کو بھی مبارک باد دیتا ہوں کہ آج چھ ماہ کے بعد کم از کم یہ ہاؤس جو ہے وہ مکمل ہوا تو جس کو کہتے ہیں کہ (فارسی)۔

میں یہاں صرف یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ ناصر صاحب نے پہلے بھی اپنے کردار کو یہاں پر دکھایا ہے بہت خوش اسلوبی سے، بہت اچھے طریقے سے، بہت اچھے الفاظ کے چناؤ سے تقریر کرتے

ہیں۔ آج بھی انہوں نے اپنے opening remarks میں یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ ایک سچے پاکستانی ہیں، ایک سچے مسلمان ہیں۔ انہوں نے یہی کہا کہ انصاف کی بالادستی ہونی چاہیے۔ انصاف کی بالادستی کے بغیر نہ کوئی گھر، نہ کوئی ادارہ اور خاص طور پر ملک نہیں چل سکتے۔ ہمیں یہاں پر غریب کی بات کرنی ہے، ہم نے یہاں پر افلاس کی بات کرنی ہے، ہم نے یہاں یہ بات کرنی ہے جو اس وقت تنزلی ہو رہی ہے، اس ملک کو کس طریقے سے تنزلی سے روکا جا سکتا ہے۔ ہم کس طرح سے مل جل کر یہاں بیٹھ کر بے روزگاری کے لیے جنگ لڑیں۔ ہم کس طرح سے یہاں انصاف کے لیے جنگ لڑیں، ہم یہاں کس طریقے سے صحت کے لیے، بھوک کے لیے، افلاس کے لیے یہاں جنگ لڑیں تاکہ ہماری جو غریب عوام ہے جو کہ پسی ہوئی ہے، جو بے روزگار ہیں ان کی کم از کم کچھ مدد ہو سکے۔

دنیا کی جو بات یہاں پر سامنے آئی ہے کہ جو regional حالات ہیں۔ دنیا کے جو حالات ہیں اس وقت وہ کافی خطرناک حد تک آگے جا چکے ہیں اور ہم ایک regional country ہیں جو کہ ایک atomic power ہے۔ جو کہ پچیس کروڑ عوام کا ملک ہے، جو کہ ایک فوجی قوت ہے۔ اس کا یہاں بہت اہم کردار ہے اور ہم اس کردار سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔ ہم اس کردار سے اگر خائف ہوں گے اس کردار کو سامنے نہیں لے کر آئیں گے تو یہ ایک بہت بڑا المیہ ہو گا، بہت بڑا افسوس ناک واقع ہو گا۔

میں چونکہ زیادہ بات نہیں کرنا چاہتا اس لیے میں یہ ضرور کہنا چاہوں گا کہ یہاں جو ہمارے outgoing Senator تھے اور جو ہمارے Leader of the Opposition تھے۔ Outgoing کہیں یا ousted کہیں وہ شبلی فراز تھے۔ ان کو میں یہاں خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں کہ ان کا جو وقت تھا اس میں انہوں نے ایک اچھے طریقے سے اپنا کردار ادا کیا۔ ایک اچھے شاعر کے وہ فرزند ہیں، یہاں پر انہوں نے شعر و شاعری کا بھی استعمال کیا، اپنے اخلاق بھی بتاتے رہے اور جہاں پر opposition کا کردار ادا کرنا تھا انہوں نے بہت اچھے طریقے سے اپنا وہ کردار بھی ادا کیا۔ اس وقت وہ تکلیف میں ہیں، اس وقت ان کا خاندان تکلیف میں ہے۔ ان کو تکلیف میں دیکھ کر دل خراش ہوتا ہے، دل ناراض ہوتا ہے۔ اس لیے اس امید کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ ان کی یہ تکلیف دور کریں، ان کے خاندان کی تکلیف دور کرے، ان کے جو صحت کے معاملات ہیں اللہ ان کو ٹھیک کرے۔ اس دعا کے ساتھ میں اپنی بات ختم کرتا ہوں۔ بہت شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی ابھی اس side سے، ناصر صاحب۔

**Senator Nasir Mehmood**

سینیٹر ناصر محمود: جناب پریذائیڈنگ آفیسر! بہت شکریہ۔ آج میں سب سے پہلے راجہ ناصر عباس صاحب کو مبارک باد دینا چاہتا ہوں ہمارے اپوزیشن لیڈر بنے، آپ کے بنے لیکن اس پر بھی مجھے محسوس ہوا کہ PTI والوں کے پاس کوئی ایسا۔۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: میری بات تو سن لیں۔ دیکھیں میں نے آپ کی ساری باتیں سنی ہیں، میں تو آپ کو پیار کی بات بتانے لگا ہوں کہ ان میں کوئی اہل آدمی نہیں تھا۔ راجہ ناصر عباس نے آخر کار ان کو اپنی گود میں لے لیا ہے کہ میں آپ کا چیئرمین ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر ناصر محمود: آج چلیں رہنے دیتا ہوں۔ میں تو آپ کو پیار محبت کی بات بتا رہا ہوں آپ کیوں نہیں یہ بات مانتے۔ چلیں جی میں مبارک باد تو دل سے دے رہا ہوں، میرا نام بھی ناصر ہے اور ناصر مدد کرنے والا ہوتا ہے اور راجہ ناصر عباس صاحب ان کی مدد کریں گے اور مجھے خوشی ہے کہ ماحول اچھا رہے گا، یہاں ماحول ٹھیک چلے گا۔

اب مجھے اجازت دے دیں کہ میں اپنے دل کی بات بھی کر لوں۔ ابھی میرے بھائی نے کہا کہ آج پاکستان جن حالات میں ہے تو ان حالات میں ہمیں جو لانے والا تھا جس وجہ سے یہ سب شروع ہوا، وہ تھا.2018 اگر وہاں سے کام شروع نہ ہوتا تو خدا کی قسم پاکستان بڑا ٹھیک چل رہا تھا اور جب 2018 کے بعد آپ مجھے بتائیں تین سال جو شخص مسلط رہا۔ جس کو لایا گیا جو لوگ لے کر آئے آپ مجھے بتائیں پاکستان میں اس کے بعد بہتری ہوئی؟ نہیں ہوئی۔ اس کے بعد جو ہوا وہ آپ کے سامنے ہے اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ اگر آج یہ ایک چیز مان لی جائے کہ 2018 میں ہم نے مل کر جو کچھ کیا، دھرنے دیے کسی کے کہنے پر کیا اس وجہ سے اچھا بھلا پاکستان اس حالت میں چلا گیا۔ میں پھر بھی اس چیز کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ سب نے مل کر یہ سوچا کہ ہم غلط راستے پر تھے۔ وہ بھی غلط راستے پر تھا دو سال ہم پھر کوشش کرتے رہے کہ آئیں ایک ساتھ بیٹھیں۔۔ اچھا ایک سیکنڈ مجھے اب بات کرنے دیں۔ میرے سارے بھائی چلے گئے ہیں۔، میری بات شاید ان کو اچھی نہیں لگتی۔

اب بات یہ ہے کہ ہم اگر ایک صحیح راستے پر آ چکے ہیں تو اب ماحول بھی اچھا ہوگا ہم ایک دوسرے کی بات مانیں گے۔ مجھے لگتا ہے کہ ناصر عباس صاحب ہمیشہ جمہوری بات کریں گے، غیر جمہوری طریقہ اختیار نہیں کریں گے اور اگر غیر جمہوری طریقہ پہلے ہی نہ ہوتا تو شاید ہم اس حد تک نہ پہنچتے۔ میں پھر ناصر عباس صاحب کو کہوں گا کہ ان کی ایک مہربانی ہے کہ انہوں نے ان سب کو اپنی گود میں لے لیا ہے۔ اب وہ Leader of the Opposition بن گئے ہیں۔ میرا خیال ہے ماحول اچھا ہوگا ہم اور یہ اکٹھے مل کر پاکستان کی بہتری کے لیے کام کریں گے لیکن ایک بات ہے کہ جو کچھ ہوا اس پاکستان میں اس کے ذمہ داروں کو اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔ ایک بندہ جیل میں ہے وہ کیوں ہے، وہ اس لیے جیل میں ہے کہ وہ کہتا تھا کہ میں کچھ نہیں کر رہا تم نے بھی جیل جانا ہے، تم نے بھی جانا ہے۔ اب وہ 190 ملین لندن سے آیا، علی بابا 40 چوروں نے مل کے کھانے کی کوشش کی وہ پکڑے گئے۔ وہ ملک ریاض جس کے پیسے لندن میں NCA نے پکڑ لیے۔ اس کا وہاں سے جب پیسہ recover کیا گیا تو وہ تھا پاکستانی اگر وہ پاکستانی نہ ہوتا اور وہ ہندوستانی ہوتا تو پیسہ ہندوستان جاتا چونکہ وہ پاکستانی تھا تو پیسہ پاکستان آنا تھا، جب پاکستان پیسہ آ رہا تھا تو یہ لوگ جو کہتے ہیں ان لوگوں نے ملک ریاض کے ساتھ مل کر امانت میں خیانت کی اور کہا کہ ہم تمہارا وہ account بھیجتے ہیں جس پر Supreme Court نے تمہیں جرمانہ کیا ہوا ہے۔

وہ 190 ملین آیا اس کے اکاؤنٹ میں جرمانے کے طور پر جمع ہوا اور اس کے بدلے پھر القادر یونیورسٹی لی گئی۔ وہ جو فرح گوگی تھی پیسے لے کر جہاز میں بیٹھ کر لندن بھاگ گئی۔ بشریٰ بی بی صاحبہ نے کہا کہ مجھے اتنے carat diamonds دے دیں، یہ ساری چیزیں سامنے ہیں۔ لیکن وقت ہے بدل جاتا ہے یہ سمجھ رہے تھے کہ ہم نے بس اب نواز شریف کا نام ختم کر دیا ہے اب وہ کبھی واپس نہیں آئے گا۔ نواز شریف واپس آیا۔ یہ مجھے سن کر حیرانگی ہوتی تھی کہ یہ کہتے تھے کہ جی نواز شریف کا نام ختم ہو چکا ہے۔ آج اگر محمود خان اچکزئی Leader of the Opposition بنا ہے تو یہ بھی میرے لیڈر کی وجہ سے بنا ہے۔ جن کو صرف یہ ہے کہ جمہوریت ہو اور پاکستان میں مضبوطی ہو۔ یہ میں پھر کہتا ہوں کہ یہ ان کی مہربانی ہے کہ محمود خان اچکزئی Leader of the Opposition بنا ہے۔ میں آج اعلانیہ کہتا ہوں کہ وہ اس لیے بن گیا ہے کہ اس نے کہا کہ میں ان سب کو جمہوریت کے راستے پر لاؤں گا۔ اسمبلی کا ماحول اچھا کروں گا اور مجھے

یقین ہے کہ اسمبلی کا ماحول اب اچھا ہوگا۔ محمود خان اچکزئی وہ بھی یہ نہیں کہے گا کہ اس کو جیل سے نکالو، یہ کرو میں ان سے بات کروں گا۔ وہ جمہوری طریقہ اختیار کرے گااور جمہوری طریقہ یہی ہے کہ ہم اور وہ بیٹھیں گے حکومت اور اپوزیشن، ہمارے مسائل کا حل ایک ہی ہے کہ ہم اکٹھے بیٹھیں۔ پاکستان کو مشکلات سے نکالیں لیکن ایک شخص اگر یہ کہے کہ میں نہ مانوں گا وہ دو سال یہ کرتا رہا پھر اس کو سمجھ آ گئی کہ نہیں میں غلط راستے پر ہوں چلو شکر ہے کہ وہ بند گلی میں جب پہنچا تو اس کو پھر محمود خان اچکزئی یاد آگیا۔ یہ وہ محمود خان اچکزئی ہے جس کے بارے میں کہتا تھا کہ یہ کوئی بندہ ہے۔ ایسے چادریں کرتا تھا۔ تو چلیں اگر اس کو یہ سمجھ آ گئی کہ اس کی غلطی ہے جیسا کہ رانا صاحب نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور ہم بھی ایک دوسرے کے خلاف تھے۔ ہم نے سیکھ لیا، تو مجھے خوشی ہے کہ اس نے بھی سیکھ لیا کہ ہمیں اکٹھے ہو کر اس ملک کی بہتری کے لیے کام کرنا ہے، شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب۔

**Senator Kamran Murtaza**

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جو میں نے مائیک on کیا تھا تو وہ تو مبارک باد کے لیے کیا تھا مگر جن کو مبارک باد دینی تھی وہی چلے گئے، تو اب مبارک باد کس کو دوں؟ میرا خیال ہے مبارک باد آپ کو بنتی ہے تو زیادہ میں نہیں کہتا کیونکہ میں رک گیا ہوں۔ جناب چیئرمین! ایسا ہے کہ توقع تو ہم یہ کرتے ہیں کہ راجہ صاحب شریف آدمی ہیں، اچھے آدمی ہیں، کوئی اچھا کردار ادا کریں گے۔ محمود خان صاحب بھی اچھے آدمی ہیں، وہ بھی اچھا کردار ادا کریں گے اور پاکستان کی پارلیمانی تاریخ میں ہم ایک ایسے سفر کا آغاز کریں گے جو درست سمت میں ہو۔ اگر مسئلے کو جاننے کی کوشش کریں تو مسئلہ جو ہے، ہم سب اگر depth میں جائیں تو مسئلے کا سبب جو ہے وہ تمام پارٹیاں یکے بعد دیگرے بنتی ہیں اور اس وقت بنتی ہیں یا اس طرح سے بنتی ہیں جب جا کر وہ دوسرے کے خلاف کہیں اور جا کر ہاتھ ملا لیتی ہیں۔ اس رویے کو اگر ٹھیک کر لیں۔ اس رویے سے پارٹی "اے" بھی میرا نہیں ہے اور پارٹی "بی" بھی میرا نہیں ہے اور پارٹی "سی" بھی میرا نہیں ہے۔ جس دن ہم نے یہ معاملہ ٹھیک کر لیا اس دن ہمارا سفر درست سمت میں شروع ہو جائے گا۔

جناب! اب یہ دو اپوزیشن لیڈرز آئے ہیں۔ محمود خان صاحب اور راجہ صاحب، تو میرا خیال ہے کہ اس میں بجائے یہ کہ احتجاج کریں بات چیت کا آغاز ہونا چاہیے اور بات چیت کا آغاز

چونکہ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے محمود خان صاحب کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنادی ہے۔ میں حکومت سے درخواست کروں گا بلکہ پرائم منسٹر سے کہ وہ بھی ایسی کمیٹی بنادیں تاکہ کسی کا یہ گلہ نہ رہے کہ کمیٹی اس طرف سے موجود نہیں تھی اس لیے مذاکرات شروع نہیں ہوسکے۔ تو کمیٹی اس طرف سے بن جائے، اللہ کرے کہ مذاکرات بھی ہوں اور یہ بھی ہم دعا گو ہوں گے کہ اس کے بعد اس کا کوئی ایسا نتیجہ نکلے جو کہ پاکستان کے آئندہ کے لیے اچھا ہو۔ میں رانا صاحب کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ کم از کم اگر ہم اس منزل پر پہنچ گئے کہ آئندہ کے free and fair elections ہونے لگ جائیں۔ یہ جو ادارہ جاتی دھاندلی ہے اس سے ہم بچ جائیں۔ 2013 کے الیکشن پر انگلی نہ اٹھے، 2018 کے الیکشن پر انگلی نہ اٹھے اور 2024 کے الیکشن پر انگلی نہ اٹھے۔ چلیں اس پر انگلی اٹھ گئی تو کم از کم اس کے بعد جب بھی الیکشن ہوں اس پر انگلی نہ اٹھے اور ہم اس کو free and fair election مان لیں اور اس کے بعد دوسری پارٹی کو جو اقتدار میں آئے، جسے عوام منتخب کرے، اس کو سکون کے ساتھ پورے پانچ سال ہم حکومت کرنے دیں تاکہ پاکستان کی ترقی کا سفر شروع کیا جاسکے۔

جناب چیئرمین! بات کراچی کی ہوئی تھی، کراچی کے گل پلازہ کے حادثے کی۔ آج ایم کیو ایم کے چشتی صاحب نے اس معاملے کو دوبارہ raise کیا ہے۔ پہلے گل پلازہ والا معاملہ تھا آج صبح early in the morning کوئی چار بجے کوئٹہ میں اسی طرح سے معاملہ ہوا ہے۔ وہاں پر بھی آگ لگی ہے اور بڑی آگ لگی ہے اور اس کا بھی بہت بڑا نقصان ہوا ہے۔ یقیناً یہ کہیں گے کہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ یہ لوکل گورنمنٹ کی domain میں آتا ہے جو کہ پاکستان میں اکثر جگہوں پر exist ہی نہیں کرتی، مگر یہ حادثات بار بار ہوتے ہیں۔ اس کا وفاقی سطح پر کوئی راستہ ڈھونڈا جانا چاہیے۔ اگر نہیں ڈھونڈیں گے تو انسانی جانیں ضائع ہوں گی، مال ضائع ہوگا اور اس کے بعد ایک کے بعد دوسرا صدمہ قوم کو برداشت کرنا پڑے گا۔ اس کا کوئی مستقل بنیادوں پر حل ہونا چاہیے اور وفاق کو اس سلسلے میں آگے آنا چاہیے تاکہ کوئی بہتری کا راستہ نکل سکے۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، منسٹر صاحب۔

سینیٹر رانا ثناء اللہ: کامران مرتضیٰ صاحب بڑے قانون دان بھی اور بڑے جمہوری سوچ کے مالک ہیں اور ہمیں ان کا بڑا احترام ہے۔ یہ ہمارے مشکل وقت کے ساتھی رہے ہیں۔ انہوں نے جو

بات کی ہے کہ پرائم منسٹر صاحب کوئی کمیٹی بنا دیں۔ پرائم منسٹر صاحب نے تو اس بارے میں on the floor of the House جو offer کی تھی وہ ابھی تک برقرار ہے۔ انہوں نے یہ کہا تھا اپوزیشن کے معزز ممبران سے کہ آپ اسپیکر چیمبر میں روز وہاں پر اسپیکر صاحب سے ملنے آتے ہیں۔ جب بھی آپ کے پاس وقت ہو تو آپ مجھے بلائیں میں وہاں پر آنے کو تیار ہوں اور وہ تو خود اس معاملے میں آغاز کرنے کو تیار ہیں۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی، وقار صاحب۔

**Senator Syed Waqar Mehdi**

سینیٹر سید وقار مہدی: میں آج جو اپوزیشن لیڈر کی نامزدگی ہوئی ہے علامہ ناصر عباس صاحب کی۔ میں ان کو آپ کے توسط سے کیونکہ وہ نہیں ہیں، میں ان کو مبارک باد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ اس ایوان کے اندر اس ملک کے عوام کی بھلائی کی خاطر مثبت کردار ادا کریں گے۔ میں سمجھوں گا کہ جو ماضی میں ان کے لیڈروں کا کردار رہا ہے اس سے برعکس ہوں گے کیونکہ ویسے تو ان کا تعلق مجلس وحدت مسلمین سے ہے لیکن وہ اپوزیشن کے لیڈر بنے ہیں تو میں توقع کروں گا کہ وہ بہتر انداز سے پرفارم کریں گے لیکن انہوں نے جو یہاں اپنی تقریر میں ایک بات کی کہ ان کے وزارتِ عظمیٰ کے زمانے میں جب عمران خان صاحب وزیراعظم تھے کہ cases کسی اور نے بنائے۔ یہ سارا کا سارا عمران خان کا اپنا ذاتی عناد تھا، اس کا بغض تھا اور اس نے مخالفین کے خلاف cases بنوائے۔ انہوں نے رانا صاحب کے بارے میں بات کی۔ وہاں میں بتاؤں کہ آصف زرداری صاحب کے خلاف cases بنائے گئے۔ ان کو جیل میں ڈالا گیا، ان کی بہن فریال تالپور صاحبہ کے خلاف جھوٹے مقدمات بنائے گئے اور چاند رات کو ہسپتال سے ان کو رات 12 بجے کے بعد جیل منتقل کیا گیا۔ یہ تھی ان کی فسطائیت جو انہوں نے ساڑھے تین سال اپنے دورِ حکومت میں جاری رکھی مخالفین کے خلاف۔ تو عمران خان صاحب کے دور میں جو کچھ ہوا وہ تاریخ کا سیاہ باب رہا ہے اور ہے۔ اس کو کوئی بھول نہیں سکے گا اور شکر ہے کہ ایک جمہوری طریقے سے پی ڈی ایم کی حکومت آئی، وہ جمہوری رویے کے ساتھ آگے بڑھی اور آج بھی ایک جمہوری حکومت قائم ہے۔

دوسری بات میرے ایم کیو ایم کے دوست نے اور کامران مرتضیٰ صاحب نے بھی کی کراچی کے حوالے سے، کل بھی بات ہوئی تھی۔ دیکھیں ایک انتہائی افسوس ناک، دردناک، المناک،

دلخراش واقعہ کراچی میں رونما ہوا ہے اور میں سمجھتا ہوں وہ ایک قومی سانحہ ہے کیونکہ تقریباً بارہ سو سے زائد دکانیں اس میں جل کر خاکستر ہو گئیں اور اب تک وہاں سے کوئی چھبیس کے قریب لاشیں نکالی گئی ہیں جو کہ متعدد لاشیں سوختہ ہیں۔ حکومتِ سندھ نے اپنی پوری کی پوری ذمہ داری ادا کی ہے۔ جس وقت سے یہ آگ لگی تھی اس وقت فوری طور پر وہاں پر حکومت نے respond کیا، فائر بریگیڈ کی گاڑیاں ہوں یا 1122 کی ریسکیو ٹیم ہو، وہ سب وہاں پہنچے تھے اور وہاں سارا عمل کیا تھا اور آج وہاں پر آگ کو بجھا دیا گیا ہے۔ Cooling کا عمل جاری ہے۔ حکومتِ سندھ نے ایک انکوائری کمیٹی بھی اس کی بنا دی ہے جو کہ اس بات کی تحقیقات کرے گی کہ آگ کیسے لگی، کیا عوامل تھے اس کے اور اگر کسی قسم کی بھی کوئی اس کے اندر تخریبی کارروائی نظر آئی تو اس کے خلاف حکومت سخت ایکشن کرے گی۔

کراچی شہر کے حوالے سے میرے فاضل دوست نے بات کی وہ نہیں ہیں۔ عروس البلاد بالکل عروس البلاد تھا اور اب ہم نے اس کو اس ٹریک پر گامزن بھی کیا ہے، لیکن عروس البلاد کو خون میں نہلایا کس نے؟ اس شہر کو برباد کس نے کیا؟ اس شہر پر 30 سال، 32 سال حکمرانی کس نے کی؟ وہاں MQM کے تین میئرز آئے ہیں۔ فاروق ستار، مصطفیٰ کمال اور وسیم اختر صاحب۔

پاکستان پیپلز پارٹی کا تو پہلا میئر وہاں آیا ہے۔ ان کے زمانے میں آپ دیکھیں کہ وہاں کی تاریخ کیا رہی، اس شہر کے ساتھ کیا ہوا۔ ہم نے 2008 میں حکومت سنبھالنے کے بعد کراچی شہر پر بھرپور توجہ دی ہے۔ وہاں پر development کے بہت سارے کام کیے ہیں اور ابھی بھی کام جاری ہیں۔ ہم فوقتاً فوقتاً پرائم منسٹر سے یہ اپیل بھی کرتے رہے ہیں کہ کراچی کے لیے خصوصی فنڈز بھی جاری کریں۔ چیف منسٹر بھی ان سے کئی دفعہ بات کرتے رہے ہیں۔ جب یہ سانحہ ہوا تو پرائم منسٹر صاحب نے چیف منسٹر صاحب کو فون کیا تھا اور اپنے تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی ہے۔ امید ہے کہ پرائم منسٹر صاحب اس سانحے میں اپنا کردار بھی ادا کریں گے۔

ہمارے دوست چلے گئے لیکن میں اس ایوان کے ذریعے یقین دلاتا ہوں کہ کراچی شہر کو پاکستان پیپلز پارٹی own کرتی ہے، اس کے مسائل کے حل کے لیے کوشاں ہے اور یہ جو سانحہ ہوا ہے، اس کے حوالے سے جو بھی تحقیقات ہوں گی، ان شاء اللہ ہم امید کریں گے اور آپ کو یہ یقین بھی دلاتا ہوں کہ آئندہ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے حکومت سندھ بھرپور اقدامات کرے گی

تاکہ اس قسم کا کوئی سانحہ رونما نہ ہو۔ کراچی شہر کی ترقی ہم سب کی ترقی ہے کیونکہ کراچی شہر ایک economic hub ہے اور ہم چاہیں گے کہ اس کی ترقی کے لیے ہم سب اپنا کردار ادا کریں۔ پاکستان پیپلز پارٹی اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتی ہے اور ان ذمہ داریوں کو ادا کرے گی۔شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی سینیٹر عبدالواسع صاحب۔

**Senator Abdul Wasay**

سینیٹر عبدالواسع: جناب چیئرمین! شکریہ۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد۔ (عربی) آج اپوزیشن لیڈر صاحب کی تقریری کے حوالے سے جب پورا ہاؤس ان کو مبارک باد دے رہا تھا، میں بھی ان کو مبارک باد دیتا ہوں لیکن ساتھ ساتھ اس افسوس کے ساتھ کہ اب جب باتیں ہو رہی تھی، سنجیدگی کی اور ماحول کی اور آگے بڑھنے کی بات ہو رہی تھی تو پورا ہاؤس خالی ہو گیا، یہ لوگ چلے گئے اور ہم دیواروں کو مبارک باد دیتے ہیں۔آگے جا کر ان کی سنجیدگی کا کیا ماحول ہوگا۔ شکر ہے کہ اعظم سواتی صاحب ابھی تشریف لائے۔ انہوں نے بھی کچھ دن جمعیت علمائے اسلام میں گزارے ہیں، اس وجہ سے انہوں نے وہ تربیت حاصل کی ہے۔

جناب چیئرمین! اللہ حاضر ہے کہ آج میرا دل خوش ہو گیا، رانا ثناءاللہ صاحب نے جو تقریر کی، بہت سنجیدہ اور موزوں تھی۔ اسی طرح بات ہونی چاہیے اور اس پر عمل بھی کرنا چاہیے۔ میں ایک بات کی طرف توجہ مبذول کرواؤں گا کہ اگر 2018 والے اپنی دھاندلی کے لیے، اپنی ناجائز حکومت کے لیے، اپنے ناجائز کارناموں کے لیے یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ 2013 میں یہ ہو گیا تھا تو پھر 2018 میں ہم نے اس لیے کر دیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ آپ کسی کے ساتھ زیادتی نہ کریں۔ کسی کی زیادتی کو جواز بنا کر اس کے ساتھ ناانصافی نہیں کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے منع کرتے ہیں۔ رانا ثناءاللہ صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ 2024 میں جو کچھ ہوا، اس کی بات تو کی جاتی ہے لیکن جو کچھ آپ لوگوں نے 2018 میں کیا، اس کو بھی تو یاد کریں۔

میں رانا صاحب کی اس بات پر آجاؤں گا، انہوں نے کہا کہ جو کچھ ہوا، اسے نظر انداز کر کے آئیں اور ٹیبل پر بیٹھیں اور اس حوالے سے مذاکرات کیے جائیں۔ سب سے اچھی بات یہی ہے۔ مذاکرات بھی سیاستدانوں کے حوالے سے ہونے چاہییں۔ یہ سب کچھ جو ہوا ہے، اگر ہم نہیں مانتے تو ہم اپنے ساتھ ظلم کرتے ہیں۔ اگر آج ہم یہ عہد کر لیں کہ جو بھی الیکشن ہوا ہے، اس الیکشن میں جو کچھ

بھی ہوا ہے، کوئی بھی اس پر انگلی اٹھاتا ہے تو کیا ہم نے کسی اور کا کندھا استعمال نہیں کیا ہوا ہے جبکہ آج یہاں آ کر ہم حقیقی آزادی کی باتیں کرتے ہیں۔ جب ہم کسی اور کا کندھا استعمال کر کے اقتدار میں آ جاتے ہیں تو پھر ہم کس طرح حقیقی آزادی کی بات کرتے ہیں کہ ہم آزاد قوم ہیں یا ہمارے ہاں آزاد جمہوری نظام ہے۔

آج ہم نے ایک دوسرے کو برداشت کرنا ہے۔ ہم اس ہاؤس میں تمام سیاسی جماعتوں پر مشتمل ایک ایسی کمیٹی بنائیں جو کہ تمام غلط فہمیوں کو ختم کرے۔ جیسے انہوں نے سیاسی جماعتوں کے درمیان چارٹر آف ڈیموکریسی کا ذکر کیا تو میں کہتا ہوں کہ اس پر عمل بھی ہونا چاہیے۔ آج اس ہاؤس میں ایک دوسرے پر الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ باتیں تو سب کی ٹھیک ہیں، رانا صاحب کی بات بھی ٹھیک ہے کہ اسی طرح کی دھاندلی 2018 میں ہوئی جو کہ کبھی تاریخ میں نہیں ہوئی تھی۔ پھر اس کے بعد جو حکومت بنی، اس سے بدترین کارکردگی ہم نے کسی اور حکومت کی نہیں دیکھی۔ کیا یہی سب کچھ 2024 میں نہیں ہوا؟ ہاؤس میں ایسے لوگ بھی بیٹھے ہیں جیسا کہ کامران صاحب، میں اور پانچ دس غریب ایسے بھی ہیں کہ سن 70 سے ہمارے ساتھ یہ سب کچھ ہوتا رہا ہے۔

جناب! اس ملک میں جمہوریت کی بقا کے لیے، اس ملک کی سالمیت کے لیے، اس ملک کو جمہوریت کی پٹڑی پر لانے کے لیے ہم کبھی پیپلز پارٹی والوں کا ساتھ دیتے ہیں، کبھی مسلم لیگ (ن) کے ساتھ تعاون کرتے ہیں۔ ان کو تو چھوڑیں، وہ تو ٹھیک ہے سیاسی جماعتیں ہیں، ہمارے ایک دوسرے کے ساتھ روابط تھے۔ اس مرتبہ 26 ویں ترمیم میں اگر جمعیت علمائے اسلام کردار ادا نہ کرتی، اگر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان کردار ادا نہ کرتے تو رانا صاحب والوں نے ان کے لیے پھندہ تیار کیا ہوا تھا۔ یہ جو جیل میں ہیں، یہ پھانسی پر چڑھنے والے تھے لیکن ہم نے اس ملک کی بقا اور سالمیت کے لیے کوشش کی۔ ان PTI والوں نے، اعظم صاحب کی جماعت والوں نے ہماری قیادت اور ہمارے بارے میں جو زبان استعمال کی، ہم نے وہ روش اختیار نہیں کی کہ انہوں نے وہ سب کچھ کیا تو ہم بھی ان کے ساتھ یہ کرتے ہیں۔

جناب! وقت بھی کم ہے اور آپ ابھی اجلاس ختم کرنے والے ہیں، جیسا کہ رانا صاحب نے تجویز دی، میری تجویز یہ ہے کہ رانا صاحب کی سربراہی میں، کیونکہ وزیر اعظم صاحب نے سیاسی امور کے لیے ان کو مشیر بھی مقرر کیا ہے اور وہ جانتے بھی ہیں، آج کی تقریر میں انہوں نے سب

چیزیں cover بھی کرلیں تو ان کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی جائے، اگر PTI کے دوست اس کے لیے تیار ہیں۔ اگر ایسا نہ ہوسکے تو جمعیت علمائے اسلام، ملک کی بقا کی خاطر تمام اختلافات کو ختم کرکے، ہم ان کے پرانے دوست بھی رہے ہیں، ان کے ناقد بھی رہے ہیں اور ان کے معتوب بھی رہے ہیں، لہٰذا، پھر بھی جمعیت علمائے اسلام اور قائد جمعیت اس کے لیے تیار ہیں۔ بہرحال مذاکرات ہونے چاہییں۔ سیاستدانوں کو ایک دوسرے کو برداشت کرنا چاہیے۔ کس کا یہ خیال تھا کہ نواز شریف یا ان کی مسلم لیگ پھر یہاں آئیں گے لیکن وہ آئے اور آج حکومت کر رہے ہیں۔ لہٰذا، یہ لوگ بھی ایسے نہ سوچیں۔ اسی طرح عمران خان کو اگر کل چھوڑ دیا جاتا ہے، پھر ہمارے سروں پر بٹھا دیا جاتا ہے اور وہ پھر وہی رویہ اختیار کرلیتے ہیں تو یہ مناسب نہیں ہے۔ لہٰذا، اس سے پہلے کہ یہ نوبت آجائے، اس کے لیے ایک کمیشن بنایا جائے۔ جناب! میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ یہ کراچی کا جو حادثہ ہوا ہے، اللہ تعالیٰ فوت ہونے والوں کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حکومتوں سے، مرکزی ہوں یا صوبائی، میری گزارش ہے کہ اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ سننے میں یہ آرہا ہے کہ 200 لوگ اندر ہیں۔ جتنے بھی ہوں لیکن آفت تو اللہ کی طرف سے ہے لیکن ہمیں اپنے وسائل ان کے لیے استعمال کرنے چاہییں۔ واخر دعونا ان الحمد للہ رب العالمین۔

Mr. Presiding Officer: Thank you. The proceeding of the House is adjourned to meet again on Friday, the 23rd January, 2026 at 10:30 a.m.

--------------

*[The House was adjourned to meet again on Friday, the 23rd January, 2026 at 10:30 a.m.]*

--------------